سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2023

منگل،10۔جنوری 2023

(یوم الثلاثہ،17۔جمادی الثانی 1444ھ)

## سترہویں اسمبلی: بیالیسواں اجلاس

جلد42: شمارہ 12

795

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

منعقدہ 10۔ جنوری 2023

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

## سوالات

(محکمہ لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

## زیرو آرنوٹس

## غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

## (مسودات قانون کا پیش کیا جانا)

1. The Akhtar Saeed University Bill 2022.

| | |
|---|---|
| MRS SABRINA JAVAID:<br>MS FARHAT FAROOQ:<br>MS FIRDOUS RAHNA: | to move that leave be granted to introduce the Akhtar Saeed University Bill 2022. |
| MRS SABRINA JAVAID:<br>MS FARHAT FAROOQ:<br>MS FIRDOUS RAHNA: | to introduce the Akhtar Saeed University Bill 2022. |

2. The Punjab Journalists Housing Foundation (Amendment) Bill 2022.

| | |
|---|---|
| CH ZAHIR UD DIN:<br>MS SANIA KAMRAAN:<br>MS SABRINA JAVED:<br>MS FARAH AGHA:<br>MS SHAHIDA AHMED:<br>MS SHAMIM AFTAB: | to move that leave be granted to introduce the Punjab Journalists Housing Foundation (Amendment) Bill 2022. |
| CH ZAHIR UD DIN:<br>MS SANIA KAMRAAN:<br>MS SABRINA JAVED:<br>MS FARAH AGHA:<br>MS SHAHIDA AHMED:<br>MS SHAMIM AFTAB: | to introduce the Punjab Journalists Housing Foundation (Amendment) Bill 2022. |

796

3. The Superior University, Lahore (Amendment) Bill 2022..

| | |
|---|---|
| MS NEELUM HAYAT MALIK: | to move that leave be granted to introduce the Superior University, Lahore (Amendment) Bill 2022. |
| MS NEELUM HAYAT MALIK: | to introduce the Superior University, Lahore (Amendment) Bill 2022. |

4. The Punjab Educational Institutions (Reconstitution) (Amendment) Bill 2022.

| | |
|---|---|
| MR SHAHBAZ AHMAD: | to move that leave be granted to introduce the Punjab Educational Institutions (Reconstitution) (Amendment) Bill 2022. |
| MR SHAHBAZ AHMAD: | to introduce the Punjab Educational Institutions (Reconstitution) (Amendment) Bill 2022. |

5. The Hajvery University, Lahore, (Amendment) Bill 2022.

| | |
|---|---|
| MS KHADIJA UMER:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH: | to move that leave be granted to introduce the Hajvery University, Lahore, (Amendment) Bill 2022. |
| MS KHADIJA UMER:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH: | to introduce the Hajvery University, Lahore, (Amendment) Bill 2022 |

6. The Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan (Amendment) Bill 2022.

| | |
|---|---|
| MR MUHAMMAD HANIF: | to move that leave be granted to introduce the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan (Amendment) Bill 2022. |
| MR MUHAMMAD HANIF: | to introduce the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan (Amendment) Bill 2022. |

7. The Times Institute, Multan (Amendment) Bill 2022.

| | |
|---|---|
| MR MUHAMMAD SALEEM AKHTAR: | to move that leave be granted to introduce the Times Institute, Multan (Amendment) Bill 2022. |
| MR MUHAMMAD SALEEM AKHTAR: | to introduce the Times Institute, Multan (Amendment) Bill 2022. |

8. The University of Sheikhupura Bill 2023.

| | |
|---|---|
| MR MUHAMMAD SHAFIQ: | to move that leave be granted to introduce the University of Sheikhupura Bill 2023. |
| MR MUHAMMAD SHAFIQ: | to introduce the University of Sheikhupura Bill 2023. |

797

# قراردادیں

## (مفادعامہ سے متعلق)

1۔ **محترمہ سعدیہ سہیل رانا:** پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان حقیقی آزادی مارچ میں شہید ہونے والی نجی ٹی وی چینل کی خاتون رپورٹر صدف نعیم کے لئے دُعاگو ہے۔ صدف نعیم ایک نڈر، بہادر، جفاکش خاتون صحافی تھی اُسے اپنے کام سے جنون کی حد تک لگاؤ تھا۔ لہٰذا یہ ایوان ان کے لئے دُعاگو ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اُن کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان کے درجات کو بلند کرے۔ آمین۔۔

2۔ **ملک واصف مظہر:** ملک مظہر عباس راں مرحوم سابقا رکن پنجاب اسمبلی کی اپنے حلقہ کیلئے بے شمار خدمات ہیں، انہوں نے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے انتھک محنت کی۔ لہذا صوبائی اسمبلی پنجاب کے اس ایوان کی رائے ہے کہ قادر پور راں کے مقام پر زیر تعمیر ٹراما سنٹر کا نام انکی خدمات کے اعتراف میں مظہر عباس ٹراما سنٹر رکھ دیا جائے۔

3۔ **محترمہ حنا پرویز بٹ:** تھانہ کلچر میں تبدیلی اور پولیس کے رویے میں تبدیلی کے دعوے زبانی کلامی تک محدود ہیں۔ آئی جی پنجاب کے شکایت سیل میں پولیس کے خلاف 95 ہزار شکایات موصول ہونا باعث تشویش ہے۔ پنجاب کے تمام اضلاع میں ضلع لاہور پولیس کے خلاف 19 ہزار کے قریب شکایات کے ساتھ ٹاپ پوزیشن پر ہے۔ محکمہ پولیس پنجاب میں ایف آئی آر کا عدم اندراج، کرپشن، رشوت خوری، اختیارات سے تجاوز پولیس اہلکاروں کیلئے معمول بن گیا۔ یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ پنجاب پولیس میں ہنگامی بنیادوں پر ریفارمز کی جائیں۔ پنجاب کے تمام تھانوں میں سائلین اور متاثرین کو بروقت انصاف کی فراہمی کے فلیکس آویزاں کئے جائیں۔ جو پولیس افسر اور اہلکار سائلین سے ناانصافی کرے اس کو نوکری سے برخاست کیا جائے۔

4۔ **محترمہ سمیرا کومل:** لاہور میں نشئی افراد کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔ لاہور میں اس وقت تقریباً 10 ہزار کے قریب نشئی افراد موجود ہیں۔ لاہور میں دھرم پورہ، لال پل، شملہ پہاڑی، اچھرہ نہر کا پل اور داتا دربار کے قریب نشئی افراد بڑی تعداد میں موجود ہیں۔ اکثریت نشئی افراد سڑکوں پر ہی رات سو کر گزارتے ہیں۔ یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ شہر بھر میں نشئی افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے۔ تمام نشئی افراد کو مرکز بحالی سمیت دیگر جگہوں پر شفٹ کیا جائے۔

5۔ **ملک خالد محمود بابر:** میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں کہ ہمارے علاقہ اُچ شریف تحصیل احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور پسماندہ علاقوں پر مشتمل ہے جہاں اعلیٰ تعلیم کے لئے ہمارے بچوں اور بیٹوں کو سفر کر کے بڑے شہروں میں جانا پڑتا ہے۔ جناب والا! اُچ شریف تاریخی اعتبار سے ہزاروں سال پرانا ہے، صوفی بزرگوں اور اولیاء کرام کی دھرتی ہے۔ لہذا مہربانی فرما کر اُچ شریف میں سید شیر شاہ جلال الدین حسین سرخ پوش حیدر بخاری صوفی ازم اور آرکیالوجی سائنس یونیورسٹی قائم کی جائے تاکہ ہمارے بچے اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ علاقے کی پسماندگی دور کر سکیں۔ شکریہ۔

798

## (مسودات قانون پر غور و خوض اور پاس ہونا)

1. The Grand Asian University, Sialkot (Amendment) Bill 2022 (Bill No.29 of 2022).

| | |
|---|---|
| MS KHADIJA UMER:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:<br>MS SHAWANA BASHIR: | to move that the Grand Asian University, Sialkot (Amendment) Bill 2022, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once. |
| MS KHADIJA UMER:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:<br>MS SHAWANA BASHIR: | to move that the Grand Asian University, Sialkot (Amendment) Bill 2022, be passed. |

2. The University of Health Sciences, Lahore (Amendment) Bill 2022 (Bill No.30 of 2022).

| | |
|---|---|
| MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS SHAWANA BASHIR:<br>MS NEELUM HAYAT MALIK: | to move that the University of Health Sciences, Lahore (Amendment) Bill 2022, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once. |
| MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS SHAWANA BASHIR:<br>MS NEELUM HAYAT MALIK: | to move that the University of Health Sciences, Lahore (Amendment) Bill 2022, be passed. |

3. The Lahore University of Biological and Applied Sciences Bill 2022 (Bill No.36 of 2022).

| | |
|---|---|
| MS SHAWANA BASHIR:<br>MS NEELUM HAYAT MALIK: | to move that the requirements of Rule 95(3) of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of the Punjab 1997, may be dispensed with under Rule 234 of the Rules ibid, for immediate consideration of the Lahore University of Biological and Applied Sciences Bill 2022. |
| MS SHAWANA BASHIR:<br>MS NEELUM HAYAT MALIK: | to move that the Lahore University of Biological and Applied Sciences Bill 2022, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once. |
| MS SHAWANA BASHIR:<br>MS NEELUM HAYAT MALIK: | to move that the Lahore University of Biological and Applied Sciences Bill 2022, be passed. |

799

4. The Punjab Higher Education Commission (Amendment) Bill 2022 (Bill No.28 of 2022).

| | |
|---|---|
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MS SHAWANA BASHIR:<br>MS NEELUM HAYAT MALIK: | to move that the Punjab Higher Education Commission (Amendment) Bill 2022, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once. |
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MS SHAWANA BASHIR:<br>MS NEELUM HAYAT MALIK: | to move that the Punjab Higher Education Commission (Amendment) Bill 2022, be passed. |

5. The Smart University of Sciences and Technology Bill 2021 (Bill No.87 of 2021).

| | |
|---|---|
| MS MOMINA WAHEED:<br>MR JAVED KAUSAR:<br>MR MUHAMMAD LATASOB SATTI:<br>MS ABIDA BIBI:<br>MS NEELUM HAYAT MALIK: | to move that the Smart University of Sciences and Technology Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once. |
| MS MOMINA WAHEED:<br>MR JAVED KAUSAR:<br>MR MUHAMMAD LATASOB SATTI:<br>MS ABIDA BIBI:<br>MS NEELUM HAYAT MALIK: | to move that the Smart University of Sciences and Technology Bill 2021, be passed. |

## CONTINUATION OF GENERAL DISCUSSION ON

1. POLITICAL SITUATION; AND
2. PRICE HIKE

801

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا بیالیسواں اجلاس

منگل، 10۔ جنوری 2023

(یوم الثلاثہ، 17۔ جمادی الثانی 1444 ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں شام 5 بج کر 2 منٹ پر
جناب سپیکر جناب محمد سبطین خان کی زیر صدارت منعقد ہوا۔

---

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری عبدالماجد نور نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمo

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۚ

لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ
مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ
وَمَا خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ
وَسِعَ كُرۡسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا یَـُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ﴿۲۵۵﴾

سورۃ البقرہ (آیت نمبر 255)

اللہ وہ معبود برحق ہے کہ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں زندہ ہے سب کو تھامنے والا اسے نہ اُونگھ آتی ہے نہ نیند جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ کون ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر اس سے کسی کی سفارش کر سکے۔ جو کچھ لوگوں کے رُوبرو ہو رہا ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہو چکا ہے اسے سب معلوم ہے اور لوگ اس کی معلومات میں سے کسی چیز پر دسترس حاصل نہیں کر سکتے ہاں جس قدر وہ چاہتا ہے اسی قدر معلوم کرا دیتا ہے اس کی بادشاہی اور علم آسمان اور زمین سب پر حاوی ہے۔ اور اسے ان کی حفاظت کچھ بھی دشوار نہیں وہ بڑا عالی رتبہ ہے جلیل القدر ہے (255)

وَمَا علینا الا البلاغo

نعت رسول مقبول ﷺ جناب محمد افضل نوشاہی نے پیش کی۔

## نعت رسول مقبول ﷺ

دِلوں سے غم مِٹاتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
نگر اُجڑے بساتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
انہی کے ذِکر سے روشن رُتیں لوٹ آتی ہیں
نصیبوں کو جگاتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
انہی کے نام سے پائی فقیروں نے شہنشاہی
خدا سے جا ملاتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
محبت کے کنول کھلتے ہیں اُن کو یاد کرنے سے
بڑی خُوشبوئیں لاتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے

## تعزیت

### سابق ممبر راجہ فیاض، سابق ممبر چودھری نواز الحق اور سابق ممبر محترمہ نسرین نواز کے لئے دعائے مغفرت

**جناب سپیکر:** سبحان اللہ، جزاک اللہ۔ پہلے ہم دعائے مغفرت کرتے ہیں۔ سابق ایم پی اے راجہ فیاض صاحب، سابق ایم پی اے چودھری نواز الحق اور سابق ایم پی اے محترمہ نسرین نواز کے لئے دعائے مغفرت کی جائے۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

## سوالات

### (محکمہ لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ)

### نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

(کوئی سوال پیش نہ ہوا)

**جناب سپیکر:** اب ہم وقفہ سوالات شروع کرتے ہیں۔ آج کے ایجنڈے پر محکمہ لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ سے متعلق سوالات پوچھے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

**میاں عبدالرؤف:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**رانا محمد اقبال خان:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** جی، رانا صاحب!

**رانا محمد اقبال خان:** جناب سپیکر! میری آپ سے یہ اپیل ہے کہ جب آپ ہاؤس کی sense لیتے ہیں تو ہماری طرف بھی توجہ فرما لیا کریں۔ اللہ کے فضل و کرم سے کل ایک وقت ایسا تھا کہ جب ہماری تعداد یقیناً اِن سے زیادہ تھی، آپ مہربانی فرمایا کریں اور 'Noes' کی بات بھی سن لیا کریں۔

(نعرہ ہائے تحسین)

**جناب سپیکر:** رانا صاحب! ہماری طرف سے آپ کا بہت عزت و احترام ہے۔ ہم سب بھائی ہیں لیکن کل آپ کی طرف سے کورم کی نشاندہی نہیں کی گئی، یہاں سامنے نعرے لگتے رہے۔ اگر آپ

کی طرف سے کورم کی نشاندہی کا کہا جاتا تو میں گنتی کروالیتا مجھے کوئی اختلاف نہیں ہے۔ کل جو گورنمنٹ کا business تھا جس میں تقریباً بیس یا اکیس bills pass ہوئے اُس وقت گورنمنٹ کے ممبران کی تعداد زیادہ تھی اور وہ bills اسی وجہ سے پاس ہوئے ہیں۔

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** جی، خلیل طاہر سندھو صاحب!

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب سپیکر! میں انتہائی ادب واحترام کے ساتھ بتانا چاہتا ہوں کہ آپ سے پہلے چودھری پرویز الہیٰ صاحب سپیکر تھے اُن کی تین rulings میرے پاس ہیں اور سیکرٹری اسمبلی کو بھی اس کا پتا ہے کہ rules suspend کر کے جو legislation ہوتی ہے That is a bad legislation. وزیر پارلیمانی امور جو سینئر پارلیمنٹرین ہیں ان کو بھی پتا ہے کہ اگر bill کو سٹینڈنگ کمیٹی میں نہیں بھیجا جائے گا اور یہاں پر ہی سارے rules کو suspend کروا کر legislation کی جائے گی تو یہ bad legislation ہو گی۔ یہاں کون سی کوئی قیامت آئی ہوئی ہے؟ میں آپ کے لئے کہنے لگا ہوں کیونکہ آپ ایک خاندانی آدمی ہیں، آپ کی بہت زیادہ respect ہے اور ہم بھی کرتے ہیں۔ (شور وغل)

**جناب سپیکر:** یہاں سارے خاندانی ہیں۔

**جناب سیموئیل یعقوب:** ہم بھی خاندانی ہیں۔

**جناب خلیل طاہر سندھو:** اگر آپ خاندانی ہیں تو نہ بولیں اور اگر نہیں ہیں تو بولیں۔ (شور وغل)

**MR. SPEAKER:** Order please, order pleas. Order in the House.

سیموئیل صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ جی، سندھو صاحب!

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب سپیکر! میری آپ سے صرف اتنی humble submission ہے کہ جو بھی business کرنا ہے کریں no problem لیکن جب آپ یہ کہتے ہیں کہ There is no amendment in it تو amendments ہم اُس وقت دیں گے جب ہمیں bills کی کاپیاں دی جائیں گی۔ پچھلی دفعہ آپ کے حکم پر bills کی کاپیاں ملی تھیں اب پھر ہمیں bills کی کاپیاں نہیں دی جاتیں۔ How can we give the amendments? میری Minister

humble submission سے for Parliamentary Affairs ہے کہ اس کو یقینی بنائیں کہ ہمیں کاپی دی جائے۔ آپ نے جو کچھ کرنا ہے کریں ہمیں کوئی problem نہیں ہے۔ آپ نے جتنی یونیورسٹیاں منظور کروانی ہیں وہ کروائیں، میرا خیال ہے کہ کوئی 700 یونیورسٹیاں منظور ہو گئی ہوں گی اور کوئی دو چار سو رہ گئی ہوں گی لیکن ہمیں bills کی کاپیاں تو دی جائیں۔

**چودھری ظہیر الدین:** جناب سپیکر! میں بات کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر:** راجہ صاحب! چودھری صاحب کے بعد آپ بھی اس پر بات کر لینا۔ جی، چودھری صاحب!

**چودھری ظہیر الدین:** جناب سپیکر! میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ کل ہماری اکثریت تھی۔ اِن کو 21 دفعہ چانس دیا گیا کہ اپنی اکثریت ثابت کریں لیکن ان کو 21 مرتبہ ہی شکست ہوئی۔ (نعرہ ہائے تحسین)

**معزز ممبران حزب اختلاف:** ہمیں کب شکست ہوئی؟ (شور وغل)

**چودھری ظہیر الدین:** جناب سپیکر! ہم نے ان کی بات آرام سے سنی ہے اب میری بات بھی ایک منٹ کے لئے خاموشی سے سنی جائے۔

**جناب سپیکر:** جی، آپ بات کریں۔

**چودھری ظہیر الدین:** جناب سپیکر! انہوں نے کسی بل پر بھی oppose نہیں کیا۔ اگر یہ oppose کرتے تو پھر ان کے بولنے کا right بنتا اور آپ یقیناً ان کو بولنے کی اجازت دیتے۔ میں عرض کروں کہ میں نے 36 سال میں اتنی نالائق اپوزیشن نہیں دیکھی۔ (نعرہ ہائے تحسین)

انہوں نے نہ کبھی کوئی amendment دی اور نہ کبھی oppose کیا ہے۔ oppose کرنے کے بعد ایک reason کے ساتھ debate کرنی پڑتی ہے اور سوائے شور شرابا کے اس debate کے لئے ان کے پاس ایک بھی آدمی نہیں ہے۔ ان کو یہ گزارش کرنا ہے کہ ایوان traditions اور precedents کے ساتھ چلتے ہیں، traditions اور precedents یہ ہیں کہ یہاں شائستگی چاہئے۔۔۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر!۔۔۔

**چودھری ظہیر الدین:** جناب سپیکر! پہلے میری بات مکمل ہو لینے دیں۔۔۔

**وزیر امداد باہمی، تحفظ ماحول و پارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب سپیکر!۔۔۔

**جناب سپیکر:** میں نے راجہ صاحب کو floor دیا ہے۔ جی، راجہ صاحب کی بات سن لیں۔

**وزیر امداد باہمی، تحفظ ماحول و پارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب سپیکر! کل جتنی بھی legislation ہوئی ہے جیسے چودھری ظہیر الدین خان فرما رہے ہیں۔۔۔

**(اذان مغرب)**

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر!۔۔۔

**جناب سپیکر:** رانا صاحب! میں نے راجہ صاحب کو floor دیا ہوا تھا۔ جی، راجہ صاحب! آپ بات کریں۔

**وزیر امداد باہمی، تحفظ ماحول و پارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب سپیکر! میں گزارش یہ کر رہا تھا کہ ابھی میرے بھائیوں نے اعتراض کیا ہے کہ کل ہمیں بولنے کا موقع نہیں دیا گیا۔ legislation کا ایک طریق کار ہوتا ہے، آپ کے پاس ریکارڈ موجود ہے نعرے مارنے سے آپ اجازت نہیں دے سکتے بلکہ اگر کوئی oppose کرے تو تب آپ اجازت دے سکتے ہیں لیکن کل نہ کسی نے oppose کیا بلکہ انہوں نے بعد میں بڑی خاموشی کے ساتھ contribute کیا جس کے لئے ہم ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور ان کے اس تعاون سے ہمارے 21 Bills پاس ہوئے۔ دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں کل کی بات نہیں کرتا، آج تقریباً اس اسمبلی کو معرض وجود میں آئے ہوئے سوا چار سال ہو گئے ہیں اور ہم نے بے شمار bills اس اسمبلی میں پاس کئے ہیں اور ایک ریکارڈ legislation کی ہے۔ میں دعوے اور چیلنج کے ساتھ یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ اسمبلی کا ریکارڈ نکلوالیں اور دیکھیں کہ کتنے bills ایسے تھے جن bills پر ان کی طرف سے amendment آئی ہے۔ قطعی طور انہوں نے یہ رواج ہی ختم کر دیا اور اپوزیشن نے اپنی amendment دینے کے کردار کو ختم کر دیا۔

**رانا مشہود احمد خان:** ابھی گنتی کروالیں۔

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب سپیکر!یہ bill تو دیتے نہیں ہیں پہلے یہ bill دیں پھر amendments دیں گے۔۔۔

**وزیر امداد باہمی، تحفظ ماحول و پارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب سپیکر! میں ان کو چار سال کا چیلنج کر رہا ہوں، ان کا ایوان کے قواعد و ضوابط سے آگاہی کا اندازہ آپ اسی بات سے لگا سکتے ہیں کہ میرے محترم دو بھائی جو بہت سمجھدار انسان ہیں وہ کہہ رہے ہیں کہ ابھی گنتی کروالیں، کس بات کی گنتی کروالیں، جب ہم نے پہلے گنتی کروائی تو چودھری پرویز الٰہی کو چیف منسٹر بنایا، گنتی ہم نے اس وقت کروائی جب ہم نے جناب محمد سبطین خان صاحب کو سپیکر بنوایا، گنتی ہم نے اس وقت کروائی جب ہم نے جناب واثق قیوم عباسی صاحب کو ڈپٹی سپیکر بنایا۔ انشاءاللہ تعالیٰ گنتی پھر کل کی تاریخ کے بعد اس دن ہو گی جس دن عدالت کہے گی پھر ہم اعتماد کا ووٹ لیں گے، ڈنکے کی چوٹ پر لیں گے اور انشاءاللہ تعالیٰ جیت کر دکھائیں گے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر!اور پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہمارے ایک محترم ڈپٹی سپیکر صاحب، پنجابی کہندے نیں کہ اُناں دے آکھیئے لگے، گنتی کرائی تے او اپنے گھر آرام دے نال بیٹھے نیں۔ ان کے کہنے پر اور ان کی وجہ سے وہ آج وہ گھر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اگر آپ کے پاس اکثریت ہوتی تو وہ شریف آدمی آج گھر بیٹھا ہوتا۔ وہ تو آپ کے چکموں میں آکر آج گھر بیٹھا ہوا ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! آج Private Members Day ہے اور ممبران حضرات کے questions ہیں۔ اس کے بعد ہمارا کوئی سرکاری بزنس نہیں ہے ہماری طرف سے take up کریں یا نہ کریں۔ ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اس ہاؤس کی کچھ روایات ہیں کہ Private Members Day پر ممبران ایک دوسرے کے ساتھ یعنی اپوزیشن اور ٹریژری ممبران ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرتے ہیں تاکہ Private Members encourage ہوں اور اگر یہ نہیں کرنا چاہتے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے نہ ہمارا کوئی bill ہے اور نہ ہی ہماری کوئی resolution ہے۔ اب Question Hour ہے اگر آپ Question Hour کرانا چاہتے ہیں تو سو بسم اللہ، نہیں کروانا چاہتے نہ کریں ہمیں اس بات پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

**جناب سپیکر:** جی، رانا مشہود احمد خان!

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! اگر اس ہاؤس میں چار سال بعد Rules and Procedure کی بات ہونا شروع ہو ہی گئی ہے تو اس ہاؤس کی یہ روایات بھی رہی ہے اور قانون بھی یہ ہے کہ اگر کوئی چیز point out ہوتی ہے تو سپیکر صاحب اس پر نہ صرف ایکشن لیتے ہیں بلکہ اس پر Ruling بھی دیتے ہیں۔ اگر آپ کل کی proceeding کو دیکھیں تو ہمارا جو سب سے پہلا اعتراض تھا وہ یہ تھا کہ جو ہائیکورٹ کا آرڈر آیا اور اس کے بعد یہ Cabinet stand نہیں کرتی؟ یہ ہمارا مؤقف ہے ہم نے اپنی legal team سے مشورہ کیا تو اس پر Chair کے آگے ایک سوال رکھا کہ اس ہاؤس کے اندر جتنی proceeding ہو رہی ہیں وہ illegal ہو رہی ہیں۔ اب ہونا یہ چاہئے تھا کہ اگر ہم نے ایک point raise کیا تھا تو اس پر۔۔۔

(معزز ممبران حزب اقتدار کی جانب سے "چور چور" کے نعرے)

جناب سپیکر! اگر انہوں نے اس طرح کرنا ہے تو ہمیں اس سے زیادہ کرنا آتا ہے۔ اگر اس طرح چلنا ہے تو پھر ہمیں اس سے زیادہ بہتر چلانا آتا ہے۔ ان کو خاموشی اختیار کروائیں تاکہ میں بات کر سکوں۔ ان کو side پر کروائیں۔۔۔

**جناب سپیکر:** جی، آپ بات کریں۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! ایک طریق کار یہ ہے کہ اگر ہاؤس چلانا ہو تو سپیکر Ruling دیتا ہے۔ دوسری بات یہ کہ آج یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم نے کوئی amendment نہیں دی، میں صرف کہنا یہ چاہتا ہوں کہ جھوٹ بولتے ہوئے آپ ریکارڈ کی بات کرتے ہیں تو Standing Committees کون بننے نہیں دے رہا؟ اس ہاؤس کے اندر یہ پہلی اسمبلی ہے جس کے اندر Standing Committees کا وجود عمل میں نہیں لایا گیا، یہ پہلی اسمبلی ہے جس کے اندر Rules of Procedure کی جس طرح دھجیاں اُڑائی گئیں اور اس ایوان میں جتنے bills لائے گئے ہیں bills کا طریق کار یہ ہوتا تھا کہ پہلے وہ bills ممبرز کو دیئے جاتے تھے تو ممبر bills کو پڑھ کر اُس کے بعد اُن bills کے اندر amendments لے کر آتے تھے اور آج آپ اس ہاؤس کو ہی بیوقوف بنا رہے ہیں جس کا آپ خود حصہ ہیں کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ ہم amendments نہیں دیتے تھے

آپ نے کون ساbillہمارے ہاتھ میں رکھا جس میں ہم amendments دیتے؟ تیسری بات راجہ اشفاق سرور صاحب نے کہا کہ جب ووٹ کی ضرورت پڑی آپ نے۔۔۔

**جناب سپیکر:** راناصاحب! راجہ اشفاق سرور صاحب نہیں۔

**وزیر امداد باہمی، تحفظ ماحول وپارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب سپیکر! راجہ اشفاق سرور صاحب کو فوت ہوئے دس سال ہوگئے ہیں، یہ مخبوط الحواس ہو چکے ہیں، یہ ذہنی توازن کھو چکے ہیں۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! آپ مجھے بات کرنے دیں، ہاؤس نے اس طرح چلنا ہے، آپ نے floor مجھے دیا ہے۔

**جناب سپیکر:** راجہ اشفاق سرور صاحب نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت کرے اُن کا انتقال ہو گیا ہے۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! میں نے راجہ بشارت صاحب کہا ہے۔

**جناب سپیکر:** آپ نے راجہ اشفاق سرور صاحب کہا ہے۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! راجہ بشارت صاحب اب میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں اور اگر آپ کے ساتھ کانوں میں باتیں ختم ہو جائیں تو میں بات کر سکوں یہ سیکرٹری اسمبلی، اسمبلی کی کارروائی کیوں نہیں چلنے دے رہے؟

**جناب سپیکر:** رانا مشہود صاحب! آپ بات کریں ہم ایوان کی کارروائی چلا رہے ہیں۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! راجہ بشارت صاحب نے کہا کہ ووٹ جب چاہئے تھا تو ہم نے لے لیا تو آج Vote of Confidence لینا ایک آئینی ذمہ داری ہے تو آپ Vote of Confidence کیوں نہیں لیتے، آپ کیوں دوڑ رہے ہیں، آپ کیوں عدالتوں کے پیچھے چھپ رہے ہیں اور اگر ہمت ہے تو ابھی ووٹ لیں، ابھی آپ کو دیکھاتے ہیں کہ ایوان کس کے ساتھ ہے؟

**جناب سپیکر:** جی، ٹھیک ہے۔ راجہ بشارت صاحب! (قطع کلامیاں)

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! میں اپنی بات اس بات پر conclude کروں گا کہ کل کا ریکارڈ اُٹھا کر دیکھیں ہم نے چار دفعہ آپ سے floor مانگا اور ہم نے کہا جب ہم 'Noes' کہہ رہے ہیں تو ہماری تعداد زیادہ ہے وہاں پر ہم نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ یہاں پر voting کروائیں، یہ ریکارڈ کا حصہ ہے کل ہم یہاں پر کھڑے ہو کر احتجاج کرتے رہے کہ آپ ہمارے احتجاج پر bills پر voting کروائیں قوم کو بیوقوف نہ بنائیں، گمراہ نہ کریں آج قوم آٹا چوروں کا احتساب مانگتی ہے، آج قوم گھی چوروں کا احتساب مانگتی ہے۔۔۔(شور وغل)

**جناب سپیکر:** جی، راجہ صاحب!

**وزیر امداد باہمی، تحفظ ماحول وپارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب سپیکر! آج میرے محترم۔۔۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! ابھی میری بات ختم نہیں ہوئی، یہ زیادتی ہے۔۔۔

**جناب سپیکر:** رانا مشہود صاحب! پھر آپ اپنے ممبران کو چُپ کروائیں اگر یہ بولیں گے تو ٹائم آپ کا کٹے گا اور اگر دوسری سائڈ سے ممبرز بولیں گے تو ٹائم اِن کا کٹے گا۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! ممبران صرف یہ کہہ کہ میری بات سن لی جائے۔

**جناب سپیکر:** ہاں سنیں۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! آج ساری اپوزیشن یہ کہہ رہی ہے کہ یہاں پر جو شخص بیٹھا بار بار مائک بند کروا رہا ہے وقت آئے گا کہ یہ اس کا حساب دے گا۔

**جناب سپیکر:** نہیں یوں ہے کہ اُنہوں مائک کھولنا یا بند کرنا ہے یہ میری مرضی سے ہے آپ threat نہ کریں، آپ آرام سے اپنی تقریر کریں۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! یہ آپ نے نہیں کہا تھا میرا مائک نیچے سے بند کروایا گیا ہے۔

**جناب سپیکر:** نہیں میں جب اُن کو کہتا ہوں کہ فلاں کا مائک کھولیں تو وہ کھولتے ہیں یہ میں ذمہ داری لے رہا ہوں یہ وہ میرے کہنے پر کرتے ہیں تو اب آپ کا مائک کھولا ہے اب آپ بولیں۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! پھر میرا مائک بند کس نے کیا تھا؟ میں بات صرف یہ کرنا چاہ رہا تھا۔

**جناب سپیکر:** جی، کون سی۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! آج جو پنجاب کے اندر جو Vote of Confidence کی وجہ سے uncertainty ہے اُس کی آڑ میں روز دیہاڑیاں لگائی جا رہی ہیں لوگوں کو پنجاب میں گندم نہیں مل رہی، آٹا نہیں مل رہا، پنجاب کے اندر گھی کا Cartel، پنجاب کے اندر گندم کا Cartel، پنجاب کے اندر سب سے بڑی زیادتی کیا ہو رہی ہے کہ یہاں پر پنجاب کے اندر لوگ بھوک سے سسک رہے ہیں اور مونس الٰہی[ * * * * * * * * * ]کا استحصال کرتا ہے۔۔۔

**جناب سپیکر:** میں یہ الفاظ کارروائی سے حذف کرتا ہوں۔ جی، راجہ صاحب!

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! یہ مائک کس نے بند کیا ہے؟ میری بات ابھی ختم نہیں ہوئی۔

(قطع کلامیاں)

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف کی اپنی سیٹوں پر کھڑے ہو کر ڈاکو راج نہیں چلے گا کی نعرے بازی)

**وزیر امداد باہمی، تحفظ ماحول و پارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب سپیکر! میں اس بات پر اعتراض کرتا ہوں کہ جس طرح انہوں نے سیکرٹری اسمبلی کو threat کیا ہے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پہلے میں نے ان کو ڈپٹی سپیکر کی مثال دی تھی کہ ان کے کہنے پر آج وہ جو کچھ بھگت رہا ہے وہ اپنی جگہ پر، اب اسی طرح اسی اسمبلی کا سیکرٹری جس کو انہوں نے ایک دن کے لئے سیکرٹری اسمبلی بنایا آج وہ اسلام آباد میں ذلیل ہو رہا ہے اور پیچھے اُس کا کوئی پرسان حال نہیں۔ دوسری بات یہ اسمبلی کی کارروائی کی بات کرتے ہیں یہی اسمبلی ہے جس نے شہباز شریف صاحب، میاں نواز شریف صاحب کی اسمبلی کے مقابلے میں ریکارڈ legislation کی اور پھر ہم نے یہاں production کے حوالے سے legislation کی جس کا سب سے بڑا فائدہ حمزہ شہباز شریف اُٹھاتا رہا، اگر ہم Production Order جاری نہ کرتے تو وہ جیلوں میں رُل رہا ہوتا اُس کو

---

* بحکم جناب سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

اسمبلی میں لانے کے لئے ہم نے legislation کی اُس وقت تو یہ ہماری منتیں کرتے تھے کہ آئیں legislation کریں، مل کر legislation کریں، متفقہ طور پر کریں تا کہ کسی طریقے سے حمزہ شہباز شریف جیل سے باہر آسکے، ہم نے Standing Committees کو فعال بنایا اور اب اگر ان کا یہی رویہ ہے تو آپ اجلاس کو ختم کر دیں ہمیں کوئی مسئلہ نہیں اگر یہ Private Members Day کو نہیں چلنے دیتے اور ان کی یہی رویہ ہے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں آپ بے شک اجلاس ختم کر دیں۔(شور وغل)

**جناب سپیکر:** جی، سردار شہاب الدین خان!

**وزیر لائیو سٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ (جناب شہاب الدین خان):** جناب سپیکر! شکریہ۔ میں آپ کے توسط سے اس اپوزیشن کو کہنا چاہتا ہوں کہ ابھی آپ کی بات ہم نے سنی ہے خدارا یہ بات سننے کا حوصلہ رکھیں ان میں اگر بات سننے کا حوصلہ نہیں ہے تو یہ سننے کا حوصلہ رکھیں۔ اس وقت دو monitor سپیکر گیلری میں آئے ہوئے ہیں جو ان کو چیک کر رہے ہیں ان کی تعداد 110 سے زیادہ نہیں ہے ان کو شور شرابہ ڈالنے کی عادت ہے۔ آپ بھی اُس اپوزیشن کا حصہ تھے جب ہم نے پچھلے پانچ سال اپوزیشن کی 51 لوگوں کی اپوزیشن تھی ہم نے ان سے مقابلہ کیا یہ ہمارا مقابلہ کرنے کے لائق نہیں ہیں آج Private Members Day ہے ان کی بات تو پورے پنجاب کی عوام نے سن لی تھی یہ question کر نہیں سکتے، جواب سن نہیں سکتے ابھی مونس الہیٰ صاحب کی بات ہو رہی تھی وہ حمزہ شہباز اور وہ سلیمان شہباز کی 11 ارب روپے کی کرپشن کے کیسز چل رہے ہیں اُن کا جواب تو ان کے پاس نہیں ہے ان کو تو جواب دینا چاہئے تھا اس بات کا کہ کتنی کرپشن پچھلے دس سالوں میں ہوئی ہے لیکن انہوں نے جواب نہیں دیا، ان میں کوئی شرم، کوئی حیا ہو تو یہ بات کریں، میں اپنی بات کو repeat کرتا ہوں کہ دو monitor رانا ثناء اللہ خان اور عطاء اللہ تارڑ یہاں ان کو دیکھنے آئے ہیں کہ ان کی تعداد پوری ہے یا نہیں ہے تو میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ان کی تعداد ایک سو سے زیادہ نہیں ہے۔ یہ کیا بات کریں گے یہ ہمارا وقت ضائع کرنے کے لئے آتے ہیں۔ یہ عوام کا پیسا مفت میں خرچ کرنے کے لئے آتے ہیں تو ان کو شرم سے ڈوب مرنا چاہئے۔ بہت شکریہ۔

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):** جناب سپیکر! مجھے بات کرنے کا موقع دیں۔

**جناب سپیکر:** ملک ظہیر عباس صاحب اپنی بات کریں۔

**ملک ظہیر عباس:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! یہ جو آج تحریک عدم اعتماد کی بات کرتے ہیں۔ میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ وہی تحریک عدم اعتماد ہے جو انہوں نے واپس لی ہے اور انہوں نے شرم کی وجہ سے اپنی تحریک عدم اعتماد واپس لی ہے اور آج پھر یہ کس منہ سے کہہ رہے ہیں کہ اعتماد کا ووٹ لیں؟ ہاں، ہمیں ان پر عدم اعتماد ہے کیونکہ وہ جو شخصیت لابی میں بیٹھی ہے وہ disputed personality ہے اور وہ ہمیں پہلے ارشد شریف کے قاتلوں اور عمران خان پر حملے کرنے والوں کے حوالے سے انصاف دے۔ آج کس حیثیت سے وہ شخصیت اسمبلی لابی میں بیٹھی ہے اور کس حیثیت سے آپ نے اس کو اسمبلی لابی میں بیٹھنے کی اجازت دی ہے؟ یہ ایک criminal اور قاتل شخص ہے اس شخص نے پنجاب کے لوگوں پر ظلم و بربریت ڈھائی ہے۔ 25 مئی کو جو معصوم بچوں اور عورتوں پر اس نے ظلم کیا تھا اس ظلم کا آج پنجاب اسمبلی اور پنجاب کے لوگ حساب مانگتے ہیں۔ جو عمران خان پر قاتلانہ حملہ ہوا اور اس پر ایف آئی آر نہیں کاٹی گئی اس کا ذمہ دار بھی یہی شخص ہے تو یہ آج کس حیثیت سے پنجاب اسمبلی کی لابی میں بیٹھا ہوا ہے اور آپ نے اس شخص کو کیوں اسمبلی لابی میں بیٹھنے کی اجازت دی ہے تو ہم اس پر احتجاج کرتے ہیں؟ یہ اپوزیشن اراکین کس قدر بے شرم ہیں ان کو شرم نہیں آتی کہ چودھری پرویز الٰہی نے یہاں پر وزارت اعلیٰ کے بعد اعتماد کا ووٹ لیا اور یہ لوگ ہوٹلوں میں جا کر اجلاس بُلاتے ہیں تو جاؤ جا کر ہوٹلوں میں اپنے اجلاس کرواؤ۔ یہ پاکستان کے پنجاب کے honourable MPA's کا floor ہے۔ آپ کی یہاں پر کوئی جگہ نہیں ہے۔ میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ آپ یہ جو حرکتیں کر رہے ہیں وہ صرف اور صرف اس disputed personality کو راضی کرنے کے لئے کر رہے ہیں ورنہ آپ یہاں ہاؤس میں کوئی session attend کرنے کے لئے نہیں آتے۔ آپ اپنے privileges کے لئے یہاں پر آتے ہیں۔ پنجاب کی عوام آپ کو دیکھ رہی ہے اور یہ بھی دیکھ رہی ہے کہ کس طرح سے ایک ظالم انسان Interior Minister بنا بیٹھا ہے۔ آج مہنگائی کی ذمہ دار وفاقی حکومت ہے۔ وفاقی حکومت نے

آج چیزوں کی قیمتیں دو گنا اور تین گنا کر دی ہیں جس کی وجہ سے آج غریب کا جینا دو بھر ہو گیا ہے۔ آج یہ کس منہ سے احتجاج کر رہے ہیں اور جو غلامی کا تمغہ انہوں نے اپنے گلے میں پہنا ہوا ہے وہی تمغہ یہ عوام کو بھی پہنانا چاہتے ہیں۔ آج پنجاب اسمبلی کی لابی میں آپ نے ایک criminal کو بٹھایا ہوا ہے لہٰذا میں احتجاجاً اسمبلی سے واک آؤٹ کرتا ہوں۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن (ملک ظہیر عباس) احتجاجاً ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):** جناب سپیکر! آج وقفہ سوالات میں میرے محکمہ سے متعلق سوالات ہیں لیکن آج اگر یہ question hour take up نہیں کرنا چاہتے تو سوالات کے جوابات ایوان کی میز پر رکھ دیئے گئے ہیں۔ مرکزی حکومت کا ایک imported minister یہاں آ کر پنجاب اسمبلی کا ماحول خراب کر رہا ہے اور میں اسے بتانا چاہتا ہوں کہ آپ جتنی مرضی سازشیں کر لیں پنجاب کے غیور منتخب نمائندوں نے پہلے بھی آپ کو مسترد کیا جیسا کہ پہلے بھی آپ نے لوگوں کے ضمیروں کو خریدا، آپ نے لوگوں کو لوٹا بنایا لیکن اس کے باوجود شکست فاش آپ کا مقدر رہی۔ آج رانا ثناءاللہ یہاں بیٹھ کر جو monitor کر رہا ہے تو وہ پنجاب حکومت کو destabilize کرنے کی کوشش کر رہا ہے لہٰذا ہم اس پر احتجاج کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ رانا ثناءاللہ کے کہنے سے کچھ نہیں ہو گا کیونکہ پنجاب کی عوام اکٹھی ہے اور ہمارے ساتھ کھڑی ہے اور ہماری حکومت قائم ہے اور رہے گی۔ انہیں شرم آنی چاہئے کہ آج Private Member's Day پر بھی انہوں نے اس طرح کا تماشہ رچایا ہوا ہے۔

**جناب سپیکر:** آج Private Member's Day تھا لیکن اب Private Member's Day کا وقت ختم ہوتا ہے لہٰذا اب پندرہ منٹ کے لئے وقفہ برائے نماز مغرب کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر نماز مغرب کے لئے پندرہ منٹ کا وقفہ کیا گیا)

(بعد از وقفہ نماز مغرب جناب ڈپٹی سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

## نشان زدہ سوالات اوران کے جوابات

(جو ایوان کی میز پر رکھے گئے)

## فیصل آباد: میونسپل کارپوریشن میں ڈائریکٹر،ڈپٹی ڈائریکٹر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی اسامیوں کی تعداد اور ریٹائرڈ ملازمین سے متعلقہ تفصیلات

*6602: **جناب محمد طاہر پرویز:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) میونسپل کارپوریشن فیصل آباد میں ڈائریکٹر،ڈپٹی ڈائریکٹر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی کتنی اسامیاں منظور شدہ ہیں؟

(ب) اس وقت کتنے ملازمین ان اسامیوں پر کام کررہے ہیں ان ملازمین کے نام، عہدہ مع گریڈ، تعلیمی قابلیت بتائیں؟

(ج) کتنی اسامیاں کس کس عہدہ کی کب سے خالی ہیں خالی اسامیوں کو پر نہ کرنے کی وجوہات کیا ہیں؟

(د) کتنے ملازمین یکم اگست 2018 سے آج تک ریٹائرڈ ہوئے ہیں ان کے نام،عہدہ و گریڈ بتائیں؟

(ہ) کتنے ملازمین کو یکم اگست 2018 سے آج تک ان اسامیوں پر بھرتی کیا گیا ہے ان کے نام،عہدہ و گریڈ اور تعلیم بتائیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) میٹروپولیٹن کارپوریشن فیصل آباد کے Interim Deployment Plan میں ڈائریکٹر،ڈپٹی ڈائریکٹر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی کوئی اسامی موجود نہ ہے۔

(ب) اسامی موجود ہی نہ ہے۔اس لئے اس پر کوئی آفیسر بھی تعینات نہ ہے۔

(ج) کتنی اسامیاں کس کس عہدہ کی کب سے خالی ہیں نیز خالی اسامیوں کو پُر کرنے کی وجوہات تتمہ (الف)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) کتنے ملازمین یکم اگست 2018 سے آج تک ریٹائرڈ ہوئے ہیں ان کے نام عہدہ و گریڈ تتمہ (ب)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ) گورنمنٹ آف پنجاب کی منظوری سے بصارت سے محروم (معذور) پانچ افراد کو کنٹریکٹ پر سینٹری ورکرز گریڈ نمبر 1 اور دوران ملازمت فوت ہونے یا طبی بنیاد پر ریٹائرڈ ہونے پر 17/A رول کے تحت تعیناتیاں کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ گورنمنٹ کی طرف سے بھرتی پر پابندی کی وجہ سے کوئی تعیناتی نہ کی گئی ہے۔

## اوکاڑہ شہر اور پی پی۔189 واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب اور چالو حالت سے متعلقہ تفصیلات

*6616: **جناب منیب الحق:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) اوکاڑہ شہر اور پی پی۔189 میں کتنے واٹر فلٹریشن پلانٹ کہاں کہاں نصب ہیں؟

(ب) ان میں سے کتنے ورکنگ کنڈیشن میں اور کتنے مستقل / عارضی طور پر بند ہیں؟

(ج) ان فلٹریشن پلانٹ کو چلانے اور ان کی دیکھ بھال کے لئے کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں؟

(د) ان فلٹریشن پلانٹ سے روزانہ کتنے گیلن پانی مہیا کیا جا رہا ہے؟

(ہ) ان فلٹریشن پلانٹ کے لئے مالی سال 21-2020 میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے کتنی فراہم کر دی گئی ہے اور کتنی بقایا ہے؟

(و) کیا حکومت جو فلٹریشن پلانٹ بند ہیں ان کو چلانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) میونسپل کارپوریشن اوکاڑہ کی حدود میں 22 عدد فلٹریشن پلانٹس ہیں جن کی تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) تمام فلٹریشن پلانٹس ورکنگ کنڈیشن میں ہیں۔

(ج) فلٹریشن پلانٹس پر شفٹ وائز ڈیوٹی لی جاتی ہے۔40 ملازمین فلٹریشن پلانٹس کو چلانے اور ان کی دیکھ بھال کے لئے کام کر رہے ہیں۔

(د) ان فلٹریشن پلانٹس سے روزانہ تقریباً 152864 گیلن پانی مہیا کیا جا رہا ہے۔

(ہ) بجٹ مالی سال 21-2020 میں مبلغ -/15,00,000 روپے مختص کئے گئے ہیں جن میں سے مبلغ -/8,18,994 روپے خرچ کئے گئے ہیں اور مبلغ -/6,81,006 روپے بقایا ہیں۔

(و) تمام فلٹریشن پلانٹس چالو حالت میں ہیں۔ کوئی بھی فلٹریشن پلانٹ بند نہ ہے۔

## میونسپل کارپوریشن فیصل آباد کے پاس کاروں کی تعداد، قیمت خرید اوراخراجات سے متعلقہ تفصیلات

***6618: جناب محمد طاہر پرویز:** کیاوزیرلوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) میونسپل کارپوریشن فیصل آباد کے پاس کتنی کاریں کس کس ماڈل اور کمپنی کی ہیں یہ کب کتنی مالیت میں خرید کی گئی تھیں؟

(ب) ان کاروں کے مالی سال 20-2019 اور 21-2020 کے اخراجات کی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ دی جائے؟

(ج) ان کاروں کے لئے پٹرول اور ڈیزل کس کس پمپ /Filling اسٹیشن سے خرید کیا گیا ہے اور خرید کیا جارہاہے ان کو کتنی رقم کی ادائیگی ان سالوں میں کی گئی ہے کتنی رقم کی ادائیگی کرنا باقی ہے؟

(د) ان کے مرمت کے دوسالوں کے اخراجات بتائیں یہ مرمت کس کس سے کروائی گئی ہے؟

(ہ) ان کاروں کے لئے کتنے ڈرائیور بھرتی کئے گئے ہیں ڈرائیوروں کے نام، ولدیت مع ڈرائیونگ لائسنس سے متعلقہ تفصیلات فراہم فرمائیں کتنے بغیر ڈرائیونگ لائسنس کے کاریں چلارہے ہیں؟

**وزیرلوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمودالرشید):**

(الف) 1۔Toyota Fortuner نمبر FDG-1 ماڈل 2017 زیر استعمال ایڈمنسٹریٹر

2۔Pajero نمبر FDQ-7000 ماڈل 1992 زیر ااستعمال چیف کارپوریشن آفیسر

3۔کار نمبر FDN-03 ماڈل 1989 زیر استعمال ڈپٹی چیف آفیسر / انچارج فیلڈ آفسز / میٹروپولیٹن آفیسر (ریگولیشنز)-II

4۔سوزو کی Cultus کار نمبر FDG-1029 ماڈل 2007 مالیت 0.65 ملین زیر استعمال ڈپٹی چیف آفیسر / انچارج فیلڈ آفسز/ اسسٹنٹ میٹروپولیٹن آفیسر (انفراسٹرکچر)

5۔ سوزوکی Cultus کار نمبر FSP-1112 ماڈل 2006 زیر استعمال میٹروپولیٹن آفیسر (ریگولیشنز)-I

6۔سوزو کی Cultus کار نمبر FDG-1030 ماڈل 2008 مالیت 0.65 ملین زیر استعمال میٹروپولیٹن آفیسر (فنانس)

7۔کار کلٹس سوزوکی گاڑی نمبر FSK-112 ماڈل 2006 زیر استعمال میٹروپولیٹن آفیسر (پلاننگ اینڈ آر کیٹکٹ)

8۔کار کلٹس سوزوکی گاڑی نمبر FDG-1161 زیر استعمال سپرنٹنڈنٹ SWM، سروسز برانچ

(ب) جواب حصہ (الف) میں دی گئی گاڑیوں پر دوران مالی سال 20-2019 میں پٹرول، ڈیزل و مرمت وغیرہ پر مبلغ -/2490783 روپے خرچہ آیا جواب حصہ (الف) میں دی گئی گاڑیوں پر دوران مالی سال 21-2020 میں پٹرول، ڈیزل و مرمت وغیرہ پر مبلغ -/2478328 روپے خرچہ آیا

(ج) جواب حصہ (الف) میں دی گئی گاڑیوں پر مالی سال 20-2019 اور 21-2020 میں پٹرول، ڈیزل وغیرہ کی مد میں مبلغ -/3219476 روپے کا خرچہ آیا جسکی ادائیگی بلیو مون پیٹرولیم اور سکائی فلنگ اسٹیشن کو کی گئی کوئی رقم بقایا نہ ہے۔

(د) جواب حصہ (الف) میں دی گئی گاڑیوں پر مالی سال 20-2019 اور 21-2020 میں مرمت وغیرہ کی مد میں مبلغ -/1749635 روپے کا خرچہ آیا جسکی ادائیگی ٹھیکیدار حمید الدین، ندیم احمد، ناصر محمود ڈرائیور، عابد حسین مکینک ، عارف حسین ڈرائیور، مجاہد حسین سینئر کلرک، ماسٹر کنسٹریشن کمپنی اور مختلف ورکشاپس جن سے مرمت کا کام کروایا گیا کی گئی۔

(ہ) پہلے سے تعینات درج ذیل ڈرائیور ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں ان ڈرائیوروں کے نام مع ولدیت اور ڈرائیونگ لائسنس نمبر کی تفصیل درج ذیل ہے جبکہ کوئی ڈرائیور بغیر لائسنس تعینات نہ ہے۔مسٹر محمد اسلم ولد عبدالرحمٰن جس کا ڈرا ئیونگ لائسنس نمبر 95450/2012 ، Toyota Fortuner نمبر FDG-1 کے لئے ڈرائیور تعینات ہے۔ مسٹر جاوید اقبال ولد محمد سرور

جس کا ڈرائیونگ لائسنس نمبر128044، Pajero نمبر FDQ-7000 کے لئے ڈرائیور تعینات ہے۔

مسٹر آصف رضا قادری ولدیت محمد صدیق جس کا ڈرائیونگ لائسنس نمبر 28452/2006، سوزوکی Cultus کار نمبر FDG-1029 کے لئے ڈرائیور تعینات ہے۔ مسٹر طاہر نوید ولد محمد حنیف لائسنس نمبر 13833/2004 گاڑی نمبر FDG-1161 کے لئے ڈرائیور تعینات ہے۔

مسٹر ناصر محمود ڈرائیور جس کا ڈرائیونگ لائسنس نمبر 79420/2011، سوزوکی Cultus کار نمبر FSP-1112 کے لئے ڈرائیور تعینات ہے۔

مسٹر عارف حسین ڈرائیور جس کا ڈرائیونگ لائسنس نمبر 77891، کار نمبر FDN-03 کے لئے ڈرائیور تعینات ہے۔

مسٹر محمود احمد ولد اللہ رکھا جس کا ڈرائیونگ لائسنس نمبر 10473/2006 سوزوکی Cultus کار نمبر FDG-1030 کے لئے ڈرائیور تعینات ہے۔ مسٹر محمد نواز ولد محمد اکبر جس کا ڈرائیور لائسنس نمبر 55879/2008 گاڑی نمبری FSK-112 کے لئے ڈرائیور تعینات ہے۔

## اوکاڑہ پی پی۔189 میں کوڑا کرکٹ اٹھانے کے لئے مشینری کی موجودگی، مالیت واخراجات سے متعلقہ تفصیلات

*6720: **جناب منیب الحق:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پی پی۔189 اوراوکاڑہ شہر میں صفائی اور کوڑا کرکٹ اٹھانے کے لئے کتنے ٹریکٹر، ٹرک اور دیگر مشینری ہے؟

(ب) یہ مشینری کب خرید کی گئی تھی کتنی مالیت میں خرید کی گئی تھی؟

(ج) اس مشینری کے سال 2018، 2019 اور 2020 کے اخراجات کی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ سال وار فراہم فرمائیں؟

(د) اس مشینری کے لئے کتنی رقم سے تیل کہاں کہاں سے خرید کیا گیا ہے؟

(ہ) اس مشینری کی مرمت پر کتنی رقم ان سالوں کے دوران خرچ کی گئی ہے؟

(و) حکومت اس شہر اور حلقہ ہذا کے لئے جس مشینری کی ضرورت ہے وہ کب تک فراہم کر دی جائے گی؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) میونسپل کمیٹی اوکاڑہ کے زیر انتظام کوڑا کرکٹ اٹھانے کے لئے 12عدد ٹریکٹر بمعہ ٹرالیاں، دو عدد لوڈر فرنٹ بلیڈ، ایک عدد لوڈر رکشہ موجود ہے۔

(ب) مشینری تقریباً بیس سال پرانی ہے جن کی مالیت تقریباً 80.00لاکھ روپے بنتی ہے۔

(ج) تیل اور مرمت کے اخراجات کی تفصیل جُز(د) اور(ہ) میں درج کر دی گئی ہے۔

(د) اس مشینری کے تیل وغیرہ پر مالی سال 19-2018 میں تقریباً -/1,81,34,667روپے خرچ ہوئے ہیں اور مالی سال 20-2019 میں تقریباً -/1,91,80,624روپے خرچ ہوئے ہیں۔ اور تیل بسم اللہ پٹرول پمپ سے خرید کیا جاتا ہے۔

(ہ) اس مشینری کی مرمت پر مالی سال 19-2018 میں تقریباً مبلغ -/27,99,932روپے خرچ ہوئے ہیں اور مالی سال 20 -2019 میں مبلغ -/41,17,051روپے خرچ ہوئے ہیں۔

(و) میونسپل کمیٹی اوکاڑہ نے PCP پروگرام کے تحت درج ذیل مشینری میں سے جن کی Chassis خرید کرنی تھی خرید کر لی ہے اس کے علاوہ درج ذیل خرید مشینری، سپر سٹرکچر پر بھی ورکنگ ہو رہی ہے۔

(i) Garbage Compactor 8 cubic meter

(ii)Dump Truck 10 Cubic meter

(iii) Mini Tipper 1 cubic meter

(iv) Garbage container 0.8 cubic meters

(v) Hand Cart Waste

(vi) Tractor Towed Mechanical Sweeper

(vii) Excavator

(viii) Tractors etc

## لاہور: پیپسی روڈ پر ہربنس پورہ روڈ تا گریژن سکیم سیوریج کی بندش سے متعلقہ تفصیلات

*6754: **محترمہ راحیلہ نعیم:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پیپسی روڈ مین ہربنس پورہ روڈ سے لاہور گریژن سکیم تک عرصہ دراز سے سیوریج بند پڑا ہے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ سیوریج کا پانی کھڑا ہونے کی وجہ سے سڑک پر گہرے گڑھے پڑ چکے ہیں؟

(ج) مذکورہ سڑک پر پیدل چلنا تو کیا گاڑیوں پر بھی گزرنا مشکل ہے؟

(د) اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت پیپسی روڈ ہربنس پورہ کا سیوریج سسٹم صاف کرنے اور سڑک میں پڑے گڑھے درست کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو وجہ بیان فرمائی جائے؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) درست ہے۔

(د) مذکورہ سڑک کا سیوریج سسٹم خراب ہے محکمہ واسا کی طرف سے سیوریج سسٹم کی بحالی / مرمت ہونے کے بعد سڑک کی تعمیر و مرمت کا کام کیا جائے گا۔

## لاہور صلاح الدین روڈ محمود بوٹی کی تعمیر مرمت سے متعلقہ تفصیلات

*6784: **محترمہ راحیلہ نعیم:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صلاح الدین روڈ محمود بوٹی لاہور ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے؟

(ب) سڑک پر بارشوں کے پانی کی وجہ سے گڑھے پڑے ہوئے ہیں؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ ان کھڈوں کی وجہ سے بارشوں کے دنوں میں گاڑیوں کا گزرنا بہت مشکل ہو گیا ہے؟

(د) اگر جواب اثبات میں ہیں تو کیا حکومت مذکورہ روڈ کو تعمیر کروانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو وجہ بیان فرمائی جائے؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) درست ہے۔

(ب) جزوی طور پر درست ہے۔

(ج) جزوی طور پر درست ہے۔

(د) جی ہاں! حکومت اس سڑک کو بنانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ فنڈز کی دستیابی اور بعد از منظوری مجاز اتھارٹی جلد ہی سڑک بنا دی جائے گی۔

## صوبہ بھر میں نئے واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب اور مرمت سے متعلقہ تفصیلات

***7009: محترمہ سعدیہ سہیل رانا:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2019 میں صوبہ بھر میں کتنے نئے واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب کئے گئے اس دوران کتنے فلٹریشن پلانٹس مرمت کئے گئے؟

(ب) مالی سال 20-2019 میں فلٹریشن پلانٹس کی مرمت کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی اس دوران فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب اور مرمت پر کتنی رقم خرچ کی گئی؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) سال 2019 میں صوبہ بھر میں 06 عدد نئے واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب کئے گئے اور اس دوران 263 واٹر فلٹریشن پلانٹس مرمت و تبدیل کئے گئے۔ مکمل تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) مالی سال 2019-20 میں صوبہ بھر میں فلٹریشن پلانٹس کی مرمت کے لئے مختص کی گئی رقم 67.2675 ملین روپے تھی اور فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب اور مرمت و تبدیلی پر 33.7176 ملین روپے خرچ ہوئے مکمل تفصیل تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## جہلم: گزشتہ سال پیچ ورک پر خرچ کی گئی رقم سے متعلقہ تفصیلات

*7027: **محترمہ سبرینہ جاوید:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع جہلم شہر کی حدود میں سال 2019-20 کے دوران کتنی رقم پیچ ورک پر خرچ کی گئی کس کس روڈز اور گلی / محلہ میں پیچ ورک کا کام کیا گیا ہے؟

(ب) پیچ ورک کا کام کن کن ملازمین کی زیر نگرانی کیا گیا؟

(ج) پیچ ورک اگر ٹھیکیداروں سے کروایا گیا تو ٹھیکیداروں کا نام مع کمپنی کا نام بتائیں؟

(د) کیا یہ درست ہے کہ پیچ ورک کا کام صرف کاغذوں کی حد تک محدود ہے جبکہ موقع پر ایسا کچھ نہ ہے کام نہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف کیا کارروائی عمل میں لائی گئی؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) میونسپل کمیٹی جہلم نے مالی سال 2019-20 کے دوران مبلغ -/818000 روپے پیچ ورک کے کام پر خرچ کئے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ پیچ ورک کنکریٹ بالمقابل سیشن کورٹ روڈ جہلم

2۔ پیچ ورک کچہری چوک و ملحقہ روڈ جہلم

(ب) پیچ ورک کا کام، شہزاد طفیل میونسپل آفیسر آئی اینڈ ایس، میونسپل کمیٹی جہلم کی زیر نگرانی کروایا گیا۔

(ج) پیچ ورک کا کام، ٹھیکیدار چوہدری اخلاق الطاف نے کروایا اور کمپنی کا نام چوہدری اخلاق الطاف اینڈ کمپنی ہے۔

(د) یہ درست نہ ہے کہ پیچ ورک کے کام صرف کاغذوں کی حد تک محدود ہیں پیچ ورک کے کام کی تصاویر تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## لاہور: ارفع کریم ٹاور کے قریب ویسٹ کولیکشن پوائنٹ ختم کرنے سے متعلقہ تفصیلات

***7049: محترمہ سبرینہ جاوید:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ لاہور میں ارفع کریم ٹاور کے قریب ویسٹ کولیکشن پوائنٹ کو ختم کر دیا گیا ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس جگہ کو پارک میں تبدیل کیا جائے گا؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ شہر کی صفائی کے لئے 9 سو سے زائد اضافی مشینری خریدی جائے گی تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) جی ہاں! یہ درست ہے کہ لاہور میں ارفع کریم ٹاور کے قریب ویسٹ کولیکشن پوائنٹ کو ختم کر دیا گیا ہے۔

(ب) پارک کی تشکیل کا عمل LWMC کے دائرہ اختیار سے باہر ہے۔اس بابت جواب متعلقہ محکمہ سے لیا جانا مناسب ہے۔

(ج) جی ہاں! یہ درست ہے کہ شہر کی صفائی کے لئے 9سو سے زائد اضافی مشینری خرید کی جائے گی۔

## ساہیوال: میٹروپولٹین کارپوریشن کے سپرنٹنڈنٹس کا جعلسازی سے کیڈر تبدیل کرنے سے متعلقہ تفصیلات

***7147: جناب محمد ارشد ملک:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن ساہیوال کے متعدد سپرنٹنڈنٹس جعلسازی سے کیڈر تبدیل کروا کر سپرٹنڈنٹ کی سیٹوں پر تعینات ہیں محکمہ نے ان کے خلاف آج تک کیوں کارروائی نہ کی ہے اس کی کیا وجوہات ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ان ملازمین کے خلاف انٹی کرپشن میں FIR درج ہیں ان کے خلاف آج تک کیا کارروائی کی گئی ہے کن وجوہات کی بنا پر FIRدرج ہوئیں مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ج) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو حکومت / محکمہ کب تک ان کرپٹ ملازمین کو عہدوں سے ہٹانے اور کی گئی کرپشن کی ریکوری کرنے کا ارادہ رکھتا ہے مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) میونسپل کارپوریشن ساہیوال میں شیڈول آف اسٹیبلشمنٹ کے مطابق سپرنٹنڈنٹ BS-17 کی ایک اسامی ہے جس پر مسٹر اشفاق احمد سپرنٹنڈنٹ ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے۔ مذکورہ اہلکار کے سروس ریکارڈ کے مطابق کبھی بھی کیڈر تبدیل نہ ہوا ہے۔

(ب) مندجہ بالا سپرنٹنڈنٹ کے خلاف کوئی FIR درج نہ ہے۔ جس کی تصدیق اینٹی کرپشن، ساہیوال سے کروائی گئی، چٹھی تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) کسی قسم کی جعلسازی و کیڈر میں تبدیلی نہ کی گئی ہے اور نہ ہی کوئی FIR درج ہے۔

## ساہیوال: رحمت ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم کی منظوری ،ٹوٹل رقبہ سے متعلقہ تفصیلات

*7150: **جناب محمد ارشد ملک:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) چک نمبر 87/9-L-ایل میں رحمت ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم کتنے رقبہ پر مشتمل ہے اس ہاؤسنگ سکیم کو محکمہ نے کب منظور کیا تھا کتنی رقم محکمہ کو ادا کی گئی اور ضلع کونسل / تحصیل کونسل ساہیوال کے کتنے واجبات بقایا بذمہ ڈویلپر ہیں مکمل تفصیل بتائیں؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ ڈویلپرز نے محکمہ سے اس زرعی رقبہ کو کمرشل اور رہائشی میں منتقل کروایا ہے اس پر کتنی رقم ادا کی گئی ہے کیا یہ ہاؤسنگ سکیمز محکمہ کے قواعد وضوابط کے مطابق منظور شدہ ہے تو کب سے ہے اور کیا ہاؤسنگ سوسائٹیز ایکٹ کے مطابق ہاؤسنگ سکیم

نے سکول، قبرستان، کھیل گراؤنڈ، مسجد، واٹر فلٹریشن پلانٹ کی اراضی مختص کی ہے تفصیل بتائیں؟

(ج) اگر جواب اثبات میں ہے تو محکمہ کی طرف سے ان غیر قانونی کالونیز ڈویلپرز سے پلاٹس کے خریدار شریف شہریوں کو محفوظ بنانے کے لئے ان کے خلاف کیا کارروائی کی گئی مکمل تفصیل سے آگاہ کریں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) رحمت ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم چک نمبر 87/9-L جو کہ تقریبا" عرصہ 18-20 سال قبل ڈویلپ ہوئی۔ ڈسٹرکٹ کونسل و Ex-TMA ساہیوال سے منظور شدہ نہ ہے اور نہ ہی ڈویلپرز نے کوئی فائل برائے منظوری جمع کروائی اس طرح فائل اور فرد رقبہ جمع کروائے بغیر واجبات ورقبہ کی پیمائش کا تخمینہ لگانا ممکن نہ ہے۔

(ب) ڈویلپرز نے ادارہ ہذا سے زرعی رقبہ کو کمرشل یا رہائشی ایریا میں منتقل نہ کروایا ہے اور نہ ہی اس بابت کوئی رقم ادا کی گئی ہے۔ مذکورہ ہاؤسنگ سکیم محکمہ کے قواعد و ضوابط کے خلاف بنائی گئی ہے۔

(ج) بمطابق ریکارڈ ڈویلپر کو زیر دفعہ 195 شیڈول (v) ذیلی بشق پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس مجریہ 2001 کے تحت بذریعہ نوٹس نمبری 39 مورخہ 02.07.2008 نمبری 115 مورخہ 06.07.2008 نمبری A-115 مورخہ 09.07.2008 نمبری 15/ TMA/Swl مورخہ 20.11.2012 اور بذریعہ نمبری EIB/TMA/Swl/86 مورخہ 10.12.2016 تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ساہیوال کی جانب سے فراہمی دستاویزات و بند کئے جانے غیر قانونی خرید و فروخت نوٹس جاری کئے گئے۔

انفورسمنٹ انسپکٹر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ساہیوال نے مذکورہ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم ہونے کی بناء پر ڈویلپرز کے خلاف مقدمہ بذریعہ FIR نمبری 545/16 تھانہ غلہ منڈی ساہیوال میں رجسٹر کروایا۔ نقل FIR تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔۔۔

عوام الناس کی آگاہی کے لئے غیر قانونی / غیر منظور شدہ ہاؤسنگ کالونی ہونے کی بناء پر Ex-TMA کی طرف سے اخبار اشتہار بھی شائع کروایا گیا۔ پبلک نوٹس کی کاپی تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

عوام الناس کے مزید تحفظ کے لئے Ex-TMA ساہیوال نے استغاثہ کنزیومر کورٹ میں بھی ارسال کیا۔

## رحیم یار خان: گورنمنٹ ہائی سکول پلوشاہ سے ملحقہ گیٹ اور دیوار کے ساتھ سیوریج اور بارش کے پانی سے متعلقہ تفصیلات

***7215: سید عثمان محمود:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ ہائی سکول پلوشاہ رحیم یار خان کے گیٹ اور دیوار کے ساتھ سیوریج اور بارش کا پانی کھڑا رہتا ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ سیوریج اور بارش کے پانی کی وجہ سے طلباء اور عوام کو پریشانی کا سامنا ہے گندے پانی کی وجہ سے ڈینگی، ملیریا جنسی امراض پیدا ہو رہی ہیں؟

(ج) اگر جزہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ روڈ کی سطح اونچی کر کے تعمیر و مرمت کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو وجوہات سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) گورنمنٹ ہائی سکول پلو شاہ رحیم یار خان کے گیٹ اور دیوار کے ساتھ پانی جو کہ ڈسپوزل مقامی یوزر کمیٹی نے چلانا ہوتا ہے۔ متواتر نہ چلانے کی وجہ سے پانی کبھی کبھار Over Flow ہو جاتا ہے۔ لیکن اب پانی صاف کروا دیا گیا ہے۔

(ب) سیوریج اور بارش کا پانی صاف کروا دیا گیا ہے۔

(ج) یہ روڈ محکمہ ہائی وے کی ہے اور اس کی تعمیر و مرمت اور اُونچا کرنے بارے محکمہ ہائی وے سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

## جوہر آباد: میونسپل کمیٹی میں سینٹری ورکرز کی تعداد اور صفائی کے لئے موجود مشینری سے متعلقہ تفصیلات

***7272: محترمہ ساجدہ بیگم:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) میونسپل کمیٹی جوہر آباد میں سینٹری ورکرز کی تعداد کتنی ہے کیا یہ میونسپل کمیٹی جوہر آباد کی ٹوٹل آبادی کے لئے کافی ہے؟

(ب) میونسپل کمیٹی کے پاس صفائی کے لئے کون کون سی مشینری موجود ہے اور کیا اس مشینری کو استعمال کرنے کے لئے عملہ بھی موجود ہے مکمل تفصیل سے آگاہ کیا جائے؟

(ج) میونسپل کمیٹی جوہر آباد ضلع خوشاب میں سینٹری ورکرز کس کس سکیل میں کام کر رہے ہیں تمام تفصیلات سے آگاہ کیا جائے؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) میونسپل کمیٹی جوہر آباد میں سینٹری ورکرز کی کل تعداد 54 ہے، میونسپل کمیٹی جوہر آباد کو 2016-12-31 کو ٹی ایم اے کا نظام ختم ہونے پر 01.01.2017سے میونسپل کمیٹی کا درجہ حاصل ہو اجب کہ اس سے پہلے میونسپل کمیٹی جوہر آباد ٹی ایم اے خوشاب کے ساتھ بطور سی او یونٹ منسلک تھی۔ مورخہ 31.12.2016 تک موجودہ میونسپل کمیٹی جوہر آباد کی آبادی 92000نفوس پر مشتمل تھی۔ مردم شماری 2017اور 2019 کی ڈیمار کیشن کے بعد میونسپل کمیٹی جوہر آباد میں ٹاؤن کمیٹی اڈالی کے چند بلاکس کو شامل کیا گیا۔ جس کے بعد اب شہر جوہر آباد کی آبادی 102053 نفوس پر مشتمل ہے جبکہ سینٹری ورکرز کی تعداد آبادی کے تناسب سے کم ہے۔ میونسپل کمیٹی جوہر آباد کے منظور شدہ SOE میں60 عدد سینٹری ورکرز کی آسامیاں خالی ہیں جس پر مزید سینٹری ورکرز بھرتی کئے جائیں گے۔

(ب) میونسپل کمیٹی جوہر آباد( PMSP) کے تحت نئی مشینری خرید کی ہے۔اس مشینری کو چلانے کے لئے میونسپل کمیٹی جوہر آباد کے پاس باقاعدہ ڈرائیور موجود نہ ہیں صرف

ایک مستقل ڈرائیور موجود ہے جبکہ باقی مشینری خاکروب کم ڈرائیورز چلا رہے ہیں۔ ڈرائیورز کی خالی اسامیاں جلد پر کر دی جائیں گی۔

(ج) میونسپل کمیٹی جوہر آباد خوشاب میں سینٹری ورکرز کی سکیل وار تفصیل درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | سکیل نمبر | تعداد ملازمین |
|---|---|---|
| 01 | 04 | 04 |
| 02 | 03 | 02 |
| 03 | 01 | 48 |

## صوبہ میں مقامی حکومتوں میں خواتین کی نمائندگی کے تناسب اور ماہانہ مشاہدہ سے متعلقہ تفصیلات

*7314: **محترمہ عائشہ اقبال:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ بھر میں مقامی حکومتوں(Local Government) کی سیٹوں کا تعین کس طرح کیا جاتا ہے؟

(ب) مقامی حکومتوں میں خواتین کی نمائندگی کا تناسب کیا ہے؟

(ج) کیا مقامی حکومتوں میں منتخب ہونے والے نمائندوں کو ماہانہ تنخواہ اور کسی قسم کی کوئی مراعات دی جاتی ہیں مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) صوبہ بھر میں مقامی حکومتوں کی سیٹوں کا تعین پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2019 کے سیکشن20 اور سیکنڈ شیڈول میں درج تعداد کے مطابق کیا جاتا ہے جو کہ تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) مقامی حکومتوں میں خواتین کی نمائندگی کا تناسب تقریباً 14 فیصد ہے۔

(ج) مقامی حکومتوں کے منتخب ہونے والے نمائندوں کو پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2019 کے سیکشن 303 کے تحت تنخواہ اور مالی مراعات دی جاسکتی ہیں جس کا تعین متعلقہ کونسل حکومت کی پیشگی منظوری کے بعد کرسکتی ہے۔

## خوشاب پی پی۔83 میں سڑکوں کی تعمیر کے لئے مختص رقم سے متعلقہ تفصیلات

*7322: **محترمہ ساجدہ بیگم:** کیاوزیرلوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پی پی۔83 ضلع خوشاب میں کتنی اور کون کون سی سڑکیں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے تحت ہیں ان میں سے کتنی پختہ اور کتنی پختہ نہ ہیں؟

(ب) اس حلقہ میں سڑکوں کی تعمیر / مرمت کے لئے مالی سال 21-2020 کے بجٹ میں کتنی رقم رکھی گئی ہے؟

(ج) اس رقم سے کون کون سی سڑک کو پختہ کیا جائے گا؟

(د) مزید سڑکوں کی تعمیر ومرمت کے لئے حکومت کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

**وزیرلوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) حلقہ پی پی۔83 میونسپل کمیٹی خوشاب کی حدود میں واقع سڑکات میونسپل کمیٹی کی ملکیتی ہیں۔ لیکن ان کی تعمیر ومرمت کے لئے سال 21-2020 میں میونسپل کمیٹی خوشاب کو محکمہ لوکل گورنمنٹ کی طرف سے کوئی بھی ترقیاتی فنڈز جاری نہ کیا گیا ہے۔ تاہم انہی سڑکات کی تعمیر ومرمت کے لئے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ خوشاب اور محکمہ لوکل گورنمنٹ کمیونٹی ڈویلپمنٹ خوشاب کو فنڈز مہیا کئے گئے ہیں۔ جس کی بابت متذکرہ محکمہ جات بہتر وضاحت کرسکتے ہیں۔

(ب) میونسپل کمیٹی خوشاب کو بجٹ سال 21-2020 میں ترقیاتی پروگرام کے لئے فنڈز فراہم نہ کئے گئے ہیں۔

(ج) میونسپل کمیٹی خوشاب کو ترقیاتی پروگرام کے لئے فنڈز فراہم نہ کئے گئے ہیں۔

(د) میونسپل کمیٹی خوشاب کے پاس ترقیاتی پروگرام کے لئے فنڈز دستیاب نہ ہیں۔ جونہی حکومت فنڈز مہیا کرے گی۔ میونسپل کمیٹی خوشاب کی حدود میں موجود سڑکوں کی تعمیر ومرمت کا کام شروع کر دیا جائے گا۔

## گوجرانوالہ: گاؤں باگڑیاں کہنہ میں مسیحی قبرستان کے سیوریج اور چاردیواری سے متعلقہ تفصیلات

***7393: محترمہ عائشہ اقبال:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع گوجرانوالہ کے گاؤں باگڑیاں کہنہ میں موجود مسیحی برادری کے قبرستان میں سیوریج کا پانی داخل ہو رہا ہے اگر ہاں تو اس حوالے سے حکومت کی جانب سے کیا اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بالا قبرستان کی چاردیواری نہیں بنائی گئی ہے اگر ہاں تو کیا حکومت قبرستان کے اطراف چاردیواری کی تعمیر کا کوئی ارادہ رکھتی ہے؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمودالرشید):**

(الف) مسیحی برادری کے قبرستان موضع باگڑیاں کہنہ کو موقع پر چیک کیا گیا قبرستان میں اب کسی طرف سے پانی داخل نہ ہو رہا ہے۔

(ب) موضع باگڑیاں کہنہ ضلع وزیر آباد کے رورل ایریا میں واقع ہے چونکہ وزیر آباد کو حال ہی میں ضلع کا درجہ دیا گیا ہے اور ضلع کونسل ابھی تک وجود میں نہ آئی ہے جس وجہ سے ضلع کونسل گوجرانوالہ کو وزیر آباد کے مالی معاملات اور میونسپل خدمات کے عارضی اختیارات تفویض کئے گئے ہیں۔ اس وقت یونین کونسل کے پاس مذکورہ قبرستان کی چار دیواری کے لئے فنڈز موجود نہ ہیں اور ضلع کونسل گوجرانوالہ کی ADP برائے سال 2022-23 کے تمام ترقیاتی فنڈز ختم ہو چکے ہیں لہٰذا مذکورہ بالا قبرستان کی چار دیواری و تعمیر ومرمت کا منصوبہ اگلے سال 2023-24 میں شامل کیا جائے گا۔

## وہاڑی پی پی۔229 گگو منڈی سٹیڈیم اور پلے گراؤنڈ کی تکمیل اور مختص کردہ فنڈ سے متعلقہ تفصیلات

*7450: **جناب محمد یوسف:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پی پی۔229 ضلع وہاڑی کے گگو منڈی سٹیڈیم اور پلے گراؤنڈ پر کام جاری ہے موجودہ حکومت اس منصوبہ کو کب تک مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اس کی مکمل تفصیل سے آگاہ کیا جائے اگر نہیں تو اس کی وجہ بتائی جائے؟

(ب) 19-2018 کے دوران ان سکیمز کے لئے کتنے فنڈز مختص کیے گئے اور خرچ ہوئے تمام تفصیلات سے آگاہ کیا جائے۔

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) ڈسٹرکٹ کونسل وہاڑی کی جانب سے گگو منڈی سٹیڈیم اور پلے گراؤنڈ پر کوئی کام جاری نہ ہے۔

(ب) ڈسٹرکٹ کونسل وہاڑی نے سال 19-2018 کے دوران اس سکیم پر کوئی فنڈز مختص نہ کئے ہیں اور نہ ہی اس سکیم پر کوئی خرچ کیا گیا ہے۔

## جہلم: پی پی۔27 پنڈ داد نخان کے بیشتر چکوک میں سیوریج سسٹم کی سہولت کی عدم دستیابی سے متعلقہ تفصیلات

*7566: **جناب ناصر محمود:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پی پی۔27 ضلع جہلم تحصیل پنڈ داد نخان میں سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 میں کتنے چکوک اور قصبوں کو سیوریج/نالیوں کی سہولت فراہم کی گئی؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ تحصیل پنڈ داد نخان کے للہ شہر، ٹوبہ، کوڑے، گولپور، اور سروبہ کے تمام چکوک میں سیوریج نالیوں کا سسٹم نہ ہونے کی وجہ سے گندہ پانی گلیوں میں کھڑا رہتا ہے جس سے نمازیوں اور سکول جانے والے بچوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے نیز گندے پانی کی وجہ سے ڈینگی اور دیگر بیماریاں پھیل رہی ہیں؟

(ج) اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت کب ان تمام چکوک میں سیور یج/نالیاں مہیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات سے آگاہ کریں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) ضلع کونسل جہلم نے مالی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 تحصیل پنڈ دادن خان کی یونین کونسل / گاؤں پنن وال، دھریالہ جالپ، احمد آباد، سوڈی گجر، توبہ، اتھر، بھیلوال، وگھ، نگیال، ڈیرہ کدیر والا، جبیٹھل، ڈھڈی پھپھرہ، جلال پور شریف، لڈوہ، ڈھری پیراں، چٹھی راجگان، سکھرپور، شنڈران، شمالی، چک شادی، لنگر، جوتانہ، قمر، آدووال، چوران، سروبہ، **للہ** کے علاقوں میں گلیوں کی تعمیر کی گئی جن میں گلیوں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ نالیوں کی تعمیر بھی شامل تھی۔ تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) تحصیل پنڈ دادن خان کے **للہ** شہر، ٹوبہ، کوڑے، گولپور اور سروبہ کے کچھ علاقوں میں سیوریج نالیوں کا سسٹم موجود ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سال 23-2022 میں ADP سکیم نمبر 1916 کے مطابق اسٹیبلشمنٹ میں ماڈل گاؤں باغانوالا تحصیل پنڈ دادن خان ڈسٹرکٹ جہلم سال 23-2022 میں 20.00 ملین روپے رکھے گئے ہیں۔ مزید برآں فنڈز کی دستیابی پر سیوریج/نالیوں کا تعمیراتی کام شروع کر دیا جائے گا۔

(ج) ڈسٹرکٹ کونسل جہلم نے مالی سال 23-2022 کی ADP کے مطابق مبلغ 154 ملین روپے ترقیاتی کاموں کے لئے مختص کئے ہیں اور ضلع کونسل جہلم میں ترقیاتی کام شروع کروا دیئے ہیں۔ جب کہ ضلع کونسل جہلم مالی سال 24-2023 میں تحصیل پنڈ دادن خان میں سیوریج / نالیاں مہیا کرنے کی ترقیاتی سکیمز ADP میں شامل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

## ضلع جہلم اور **للہ** شہر کے قبرستانوں کی چار دیواری سے متعلقہ تفصیلات

***7567: جناب ناصر محمود:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع جہلم تحصیل پنڈ دادنخان میں کتنے قبرستان ہیں؟

(ب) ان میں کتنے قبرستانوں کی چار دیواریاں ہیں اور کتنوں کی نہیں ہیں تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ مذکورہ ضلع کے زیادہ تر قبرستانوں کی چار دیواریاں نہ ہیں چار دیواریاں نہ ہونے کی وجہ سے قبروں کی بے حرمتی ہو رہی ہے؟

(د) کیا حکومت **للہ** شہر سمیت ضلع بھر کے تمام قبرستانوں کی چار دیواریاں بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک اگر نہیں تو وجوہات سے آگاہ کیا جائے؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) تحصیل پنڈ دادن خان کی حدود میں 208 قبرستان موجود ہیں۔

(ب) 19 قبرستانوں کی چار دیواریاں ہیں اور 189 قبرستانوں کی چار دیواریاں نہیں ہیں۔ تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) یہ درست ہے کہ تحصیل پنڈ دادن خان کے زیادہ تر قبرستانوں کی چار دیواری نہ ہے۔ مگر چار دیواری نہ ہونے کی وجہ سے قبروں کی بے حرمتی نہیں ہو رہی ہے کیونکہ آج تک کوئی بھی واقعہ رپورٹ نہ ہوا ہے۔

(د) جی ہاں! حکومت **لِلہ** شہر سمیت ضلع کے قبرستانوں کی چار دیواری بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اور آئندہ مالی سال 24-2023 میں حکومت ترجیحی بنیادوں پر کام کروائے گی۔

## والڈ سٹی لاہور کے لئے مختص بجٹ اور اس کے تصرف سے متعلقہ تفصیلات

***7580: محترمہ سنبل مالک حسین:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) والڈ سٹی اتھارٹی لاہور کو مالی سال 20-2019 اور 21-2020 میں کتنا بجٹ فراہم کیا گیا مذکورہ بجٹ کہاں کہاں خرچ کیا گیا مکمل تفصیل فراہم فرمائیں؟

(ب) والڈ سٹی لاہور کے ایریا میں کتنے خستہ حال گھروں کی نشاندہی کی گئی ہے اور ان میں سے کتنے گھروں کی تعمیر و مرمت اور تزائین و آرائش کی گئی ہے اور ان پر کتنا خرچ آیا ہر گھر کی الگ تفصیل فراہم فرمائیں؟

(ج) کیا حکومت تمام خستہ حال / خطرناک بلڈنگز کی فوری بحالی اور تعمیر و مرمت کا ارادہ رکھتی ہے؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کو مالی سال 20-2019 میں 25 کروڑ 50 لاکھ اور بعد میں نئی سکیم کے تحت تیس کروڑ کا بجٹ فراہم کیا گیا اور مالی سال 21-2020 میں 33 کروڑ 79 لاکھ 87 ہزار کا بجٹ فراہم کیا گیا۔ مذکورہ بجٹ جہاں جہاں خرچ کیا گیا اس کی مکمل تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) والڈ سٹی لاہور میں کل بوسیدہ اور پرانے مکانات کی تعداد 1268 ہے جن میں سے 461 مکانات ایسے ہیں جن کو گرائے جانے کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے ۔ 713 مکانات کو مرمت کرکے بحال کرنے کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ 62 انتہائی خطرناک مکانات کو گرایا جا چکا ہے اور 55 مکانات کے مالکان نے محکمہ کے نوٹس پر مذکورہ خطرناک مکانات کو مرمت کروایا۔ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی اب تک 123 بوسیدہ و خطرناک عمارتوں کی مرمت اور تزئین و آرائش کرواچکی ہے اور مزید عمارتوں کی مرمت کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ تفصیل مکانات تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) جی ہاں! حکومت تمام خستہ حال / خطرناک بلڈنگز کی بحالی اور تعمیر و مرمت کا ارادہ رکھتی ہے۔

## اوکاڑہ: پی پی۔185 کے دیہات میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب سے متعلقہ تفصیلات

*7585: **چودھری افتخار حسین چھچھر:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پی پی۔185 کے بے شمار دیہات کا زیر زمین پینے کا پانی مضر صحت ہے جس کی وجہ سے ہیپاٹائٹس جیسی موذی مرض تیزی سے پھیل رہی ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ جب سے موجودہ حکومت اقتدار میں آئی ہے مذکورہ حلقہ میں کوئی ایک بھی واٹر فلٹریشن پلانٹ نہ لگایا گیا ہے؟

(ج) اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت حلقہ پی پی۔185 کے تمام دیہات اور خصوصاً چک فیض آباد تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ میں واٹر فلٹریشن پلانٹ ترجیحی بنیادوں پر لگانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) یہ درست نہ ہے بلکہ حلقہ پی پی۔185 میں زیادہ تر زیرِ زمین پانی قابل استعمال ہے تاہم پانی آلودہ ہونے کی صورت میں ہیپاٹائٹس جیسی بیماریاں لاحق ہوسکتی ہیں۔پانی آلودہ ہونے کی صورت میں اہل علاقہ کی طرف سے لازمی طور پر شکایات موصول ہوتی ہیں۔جو کہ نہیں ہوئیں۔

(ب) جی ہاں!مذکورہ حلقہ میں فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے نیا فلٹریشن پلانٹ نہ لگایا جاسکا۔

(ج) جی ہاں !ادارہ ہذا حلقہ پی پی 185 میں فلٹریشن پلانٹ لگانے کا ارادہ رکھتا ہے جس کے لئے تخمینہ لاگت تیار کر لیا گیا ہے فنڈز کی دستیابی پر کام شروع کروا دیا جائے گا۔تخمینہ لاگت کی کاپی تتمہ (الف)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## شیخوپورہ:مانانوالہ ملت روڈ محلہ قادر آباد میں نکاسی آب کے لئے نالہ کی تعمیر سے متعلقہ تفصیلات

*7599: **جناب محمود الحق:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مانانوالہ قصبہ شیخوپورہ کی آبادی ملت روڈ اور محلہ قادرآباد میں پانی کے نکاس کے لئے نالہ نہ ہے؟

(ب) نکاسی آب کا نالہ نہ ہونے کی وجہ سے ان علاقوں میں گندہ پانی گلیوں محلوں اور گھروں میں کھڑا ہے اور بیماری پھیل رہی ہیں؟

(ج) کیا حکومت ان آبادیوں میں نکاسی آب کے لئے نالہ جلد از جلد بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) جی ہاں! یہ بات اس حد تک درست ہے کہ قصبہ مانانوالہ آبادی ملت روڈ پر نالہ نہ ہے جبکہ محلہ قادر آباد نکاسی آب کے لئے نالہ موجود ہے۔

(ب) جی ہاں! بعض اوقات پانی نالہ جات سے باہر آجاتا ہے اور ٹاؤن کمیٹی مانانوالہ صفائی کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر صفائی ستھرائی کر دیتا ہے۔ نیز بیماریوں کی روک تھام کے لئے وقتاً فوقتاً ڈس انفیکشن سپرے بھی کروایا جاتا ہے۔

(ج) ٹاؤن کمیٹی مانانوالہ ایک یونین کونسل پر مشتمل ایک چھوٹی سی ٹاؤن کمیٹی ہے وسائل کم ہیں تاہم مذکورہ نالہ کی تعمیر کا منصوبہ زیر غور ہے جلد ہی تکمیل تک پہنچا دیا جائے گا۔

## گوجرانوالہ: سیم نالہ روڈ عقب کوکا کولا فیکٹری پر کوڑا کرکٹ کے ڈھیر سے متعلقہ تفصیلات

*7606: **جناب محمد نواز چوہان:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی پی۔55 گوجرانوالہ کے سیم نالہ روڈ عقب کوکا کولا فیکٹری پر (مکی روڈ) کوڑا کرکٹ کے ڈھیر پر انبار لگا دیئے گئے ہیں؟

(ب) مذکورہ روڈ پر کوڑا کرکٹ کے انبار لگنے سے وہاں پر تعفن اور گندگی پھیل رہی ہے جو کہ وہاں کے لوگوں کے لئے وبال جان ہے کیا حکومت اس کوڑا کرکٹ کو کہیں اور شفٹ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کب تک نہیں تو اس کی وجوہات سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) مکی روڈ نزد کوکا کولا فیکٹری پر گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا ایک عدد ٹرانسفر سٹیشن موجود ہے۔ اس جگہ پر پورے علاقے یعنی حلقہ پی پی 55 کا کوڑا چھوٹی گاڑیوں (ٹریکٹر ٹرالی، منی ڈمپر) کی مدد سے جمع کیا جاتا ہے اور روزانہ کی بنیاد پر وہاں سے بڑی گاڑیوں

(ڈمپرز) کی مدد سے یہ کوڑا کمپنی ڈمپ سائیڈ پر منتقل کر دیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ کمی روڈ پر کوئی گندگی کا ڈھیر موجود نہ ہے۔

(ب) چونکہ یہ ٹرانسفر سٹیشن عوام کے وسیع تر مفاد کے لئے بنایا گیا ہے اس لئے گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا اس کو کہیں اور شفٹ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی ہے۔ مذکورہ ٹرانسفر سٹیشن کے ذریعے علاقہ کے گلی کوچوں سے کوڑا اٹھانے اور ان کو صاف ستھرا رکھنے میں مدد ملتی ہے۔اگر مذکورہ ٹرانسفر سٹیشن کو منتقل کیا گیا تو علاقہ مکینوں کو صفائی کی سہولیات فراہم کرنے میں مشکلات پیدا ہوں گی۔

## صوبہ میں قبرستانوں میں جرائم کی روک تھام کے لئے
## حکومتی اقدامات سے متعلقہ تفصیلات

*7608: **محترمہ مومنہ وحید:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ اکثر قبرستانوں میں لائٹس نہ ہونے کی بناءپر وہ قبرستان رات کو جرائم کی آماجگاہ اور پناہ گاہ بن گئے ہیں جہاں نشئی لوگ نشہ کرتے ہیں اور بعض سنگدل کفن بھی چوری کر لیتے ہیں؟

(ب) کیا حکومت اس طرح کے جرائم کی روک تھام کرنے کے لئے قبرستانوں میں Proper لائٹس اور سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیبات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) جی نہیں یہ درست نہ ہے البتہ اگر کسی قبرستان کے متعلق ایسی کوئی شکائت موصول ہو تو اس کا فوری ازالہ کیا جاتا ہے۔

(ب) محکمہ لوکل گورنمنٹ نے تمام اضلاع کے ایڈمنسٹریٹرز کو ایک مراسلہ بتاریخ 04.10.2021 کے مطابق تمام قبرستانوں میں سہولیات مہیا کرنے اور لائٹس کی تنصیبات کے متعلق ہدایات جاری کر دی تھیں۔مراسلہ کی کاپی تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## اندرون لاہور ناجائز تجاوزات کو ختم کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*7635: **محترمہ فرحت فاروق:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ اندرون لاہور لکشمی چوک، لاہور ہوٹل، گوالمنڈی، نسبت روڈ، سرائے سلطان، بیڈن روڈ، شاہ عالمی، دواخانہ حکیم اجمل خان میں ناجائز تجاویزات کی بھرمار ہو چکی ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ان ناجائز تجاوزات کی وجہ سے جگہ جگہ ٹریفک کا رش لگا رہتا ہے اور عوام الناس کو چلنے پھرنے میں دشواری کا سامنا ہے؟

(ج) کیا حکومت ان ناجائز تجاوزات کو ختم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اور کب تک اگر نہیں تو اس کی وجوہات سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) جی ہاں! یہ درست ہے، کیونکہ مذکورہ بالا مقامات لاہور شہر کے مرکزی علاقہ میں شامل ہیں اور تمام بڑے تجارتی / کاروباری مراکز ان علاقوں میں موجود ہیں۔ جہاں لوگ عارضی نوعیت کی تجاوزات قائم کرتے ہیں جن کے خلاف عملہ ریگولیشن داتا گنج بخش زون پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022 کے شیڈول 6 کے تحت کارروائی کرتا ہے اور تجاوزات کو ہٹا دیا جاتا ہے۔ضبط شدہ سامان کی فہرستیں تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) جی ہاں! یہ درست ہے، تاہم عملہ ریگولیشن داتا گنج بخش زون ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے اور عوام الناس کی سہولت کے لئے ٹریفک پولیس کے ہمراہ تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتا ہے اور عوام کی دشواریوں کو کم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔

(ج) جی ہاں! محکمہ ناجائز تجاوزات کو ختم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جس کے لئے عملہ ریگولیشن داتا گنج بخش زون، میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور نے رواں مالی سال 2020-21 میں اپنی حدود میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تجاوز کنندگان کو

مبلغ-/3,00,700روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔فائن ٹکٹ کی کاپیاں تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

آئندہ بھی عملہ ریگولیشن داتا گنج بخش زون ڈپٹی میٹروپولیٹن آفیسر کی زیر نگرانی تجاوز کنندگان کے خلاف بلا تفریق کارروائی عمل میں لاتا رہے گا۔

## گوجرانوالہ مین روڈ کی تعداد اوران پر ڈائریکشن سائن بورڈ کی تنصیب سے متعلقہ تفصیلات

*7637: **جناب محمد توفیق بٹ:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع گوجرانوالہ میں کتنے مین روڈز ہیں؟

(ب) ضلع گوجرانوالہ کے کتنے روڈز پر ڈائریکشن سائن بورڈز لگے ہوئے ہیں؟

(ج) ضلع گوجرانوالہ میں کتنے روڈز ہیں جن پر ٹریفک سگنل نصب ہیں ان میں کتنے فنکشنل ہیں اور کتنے خراب ہیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) گوجرانوالہ شہر کی حدود میں تقریباً 13 مین روڈز ہیں۔ جن میں جی۔ٹی روڈ، شیخوپورہ روڈ، پسرور روڈ، کالج روڈ، کشمیر روڈ، سیالکوٹ روڈ، سیالکوٹ بائی پاس روڈ، گوندلانوالہ روڈ، نوشہرہ روڈ، فیروزوالہ روڈ، حافظ آباد روڈ، کمشنر/سول ہسپتال روڈ، گوجرانوالہ بائی پاس روڈ شامل ہیں۔ بمطابق پنجاب ہائی ویز ایکٹ 1976ء تمام انٹر ڈسٹرکٹ / تحصیل سڑکیں پنجاب ہائی وے کی پراپرٹی ہیں اور اس کے لئے کسی قسم کے نوٹیفکیشن کی ضرورت نہیں ہے۔

(ب) تمام مذکورہ بالا سڑکات پر ڈائریکشن بورڈز موجود ہیں۔ فہرست تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) گوجرانوالہ شہر میں پانچ جگہ پر ٹریفک سگنل لگے ہوئے ہیں جن میں سے چار کو میٹروپولیٹن کارپوریشن گوجرانوالہ مرمت کرواتی ہے۔ان کی مرمت کروانے کا ٹینڈر

جاری کیا ہوا ہے ضابطہ کی کارروائی کے بعد مرمت کا کام شروع کروا دیا جائے گا۔پانچواں ٹریفک سگنل پنجاب ہائی وے ڈپارٹمنٹ نے نیائیں چوک میں لگوایا تھا۔جو کہ بند ہے اور ٹریفک پولیس اسے کسی اور جگہ منتقل کرنا چاہتی ہے اس لئے انہوں نے تجویز کیا کہ اسے فی الحال مرمت نہ کروایا جائے۔ورک آرڈر وغیرہ کی کاپی تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## لاہور میں پارکنگ سٹینڈز کی تعداد، مقام اور پرچی کا کمپیوٹرائزڈ سسٹم رائج کرنے سے متعلقہ تفصیلات

***7648: محترمہ نیلم حیات ملک:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) لاہور میں سائیکل، موٹر سائیکل اور موٹر کار کے کتنے پارکنگ سٹینڈز کہاں کہاں ہیں نیز ان میں سے کتنے پارکنگ سٹینڈز فٹ پاتھ یا مین سڑک کے اوپر ہیں تفصیل بتائی جائے؟

(ب) ان پارکنگ سٹینڈز میں کتنی پارکنگ فیس وصول کی جاتی ہے کیا یہ درست ہے کہ مختلف مقامات پر پارکنگ فیس بھی مختلف وصول کی جاتی ہے ٹھیکیدار سرکاری ریٹ سے زائد پارکنگ فیس بھی وصول کرتے ہیں زائد فیس وصولی سے نوبت لڑائی جھگڑے تک پہنچ جاتی ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ پارکنگ سٹینڈز پر پرچی سسٹم ہے کیا حکومت اس پرچی سسٹم کو ختم کرتے ہوئے کمپیوٹرائزڈ سسٹم راج کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک؟

(د) کیا حکومت فٹ پاتھ اور مین سڑک سے پارکنگ سٹینڈز فوری طور پر ختم کروانے کا ارادہ رکھتی ہے کیونکہ جہاں مین سڑک پر پارکنگ سٹینڈ ہیں وہاں پر گھنٹوں ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے جس سے شہریوں کو دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) لاہور میں MCL کی نوٹیفائیڈ سائٹس 244 ہیں۔ تمام سٹینڈز سروس روڈز اور مین روڈ زپر ہیں۔ لاہور پارکنگ کمپنی کا کوئی بھی سٹینڈ فٹ پاتھ پر نہیں ہے۔

(ب) ان پارکنگ سٹینڈز پر پارکنگ فیس، بائیک 10 کار 30 ٹرک 100 روپے ہے۔ غیر قانونی ٹھیکہ داروں کے خلاف رپورٹ موصول ہونے کی صورت میں بلدیہ عظمیٰ لاہور جلد سے جلد کارروائی کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ لہٰذا زائد وصولی / غیر قانونی پارکنگ سٹینڈز پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کی طرف سے کارروائی کی گئی جس میں -/9,70,000 روپے کے 66 نوٹسز جاری کئے گئے۔ 45 عدد جرمانہ کے ٹکٹس جاری کئے گئے جن کی موصولہ رقم -/14,10,000 روپے ہے۔ 86 ایف آئی آر کا اندراج متعلقہ تھانہ جات میں کروایا گیا۔ 84 عدد کیسز متعلقہ عدالتوں میں ارسال کئے گئے۔

(ج) یہ بات درست ہے کہ لاہور کے تمام پارکنگ سٹینڈز پر پرچی سسٹم رائج ہے۔ جی ہاں لاہور پارکنگ کمپنی مستقبل میں کمپیوٹرائزڈ ٹکٹنگ سسٹم رائج کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جس کا باقاعدہ اجراء لاہور پارکنگ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے اجلاس کے بعد کیا جائے گا۔

(د) جی ہاں! میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کے انفورسمنٹ انسپکٹران غیر قانونی پارکنگ سٹینڈز کے رپورٹ ہونے کی صورت میں گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے تحت فوراً کارروائی عمل میں لاتے ہیں۔

## میونسپل کارپوریشن گوجرانوالہ کے پاس کوڑا اٹھانے کی مشینری اور اخراجات سے متعلقہ تفصیلات

*7741: **جناب محمد نواز چوہان:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) میونسپل کارپوریشن گوجرانوالہ کے پاس کوڑا کرکٹ اٹھانے کے لئے کتنی گاڑیاں، ٹریکٹر اور ٹرالیاں وغیرہ ہیں یہ کب کتنی لاگت سے خرید کردہ ہیں؟

(ب) ان گاڑیوں، ٹریکٹر اور ٹرالیوں کے لئے کتنے ملازمین کس کس عہدہ اور گریڈ میں کام کر رہے ہیں ان کے نام بھی بتائیں مع ڈیوٹی کی جگہ کی تفصیل دی جائے؟

(ج) ان گاڑیوں اور ٹریکٹر وغیرہ کے تیل، پیٹرول اورڈیزل کے اخراجات کی تفصیل دو سالوں کی فراہم کریں؟

(د) کیا یہ درست ہے کہ گوجرانوالہ شہر میں جگہ جگہ کوڑا کرکٹ کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں ہفتہ بھر ان کو یہاں سے نہیں اٹھایا جاتا خاص کر حلقہ پی پی 55 کی ہر گلی، محلہ چورا ہے اور روڈز پر یہ صورت حال ہے کیا حکومت اس بابت ذمہ داران اعلیٰ ملازمین کے خلاف کارروائی کرنے کاارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تواس کی وجوہات بتائیں؟

**وزیرلوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمودالرشید):**

(الف) گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے پاس کوڑا کرکٹ اٹھانے کے لئے استعمال ہونے والی گاڑیوں کی تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ یہ گاڑیاں 2014 سے 2021 تک مختلف اوقات میں خریدی گئی اور ان کی لاگت تقریباً536 ملین ہے۔

(ب) مذکورہ ملازمین کی تفصیل تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) آپریشنل گاڑیوں کے لئے استعمال ہونے والے پٹرول اور ڈیزل کے اخراجات کی دوسال کی تفصیلات تتمہ (ج) یوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) حلقہ پی پی۔55 سمیت شہر میں کمپنی کے ملازمین روزانہ کی بنیاد پر صفائی ستھرائی کے معیار کو بہتر رکھنے کے لئے اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں اور شہر میں صفائی کے انتظام تسلی بخش ہیں۔ گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا عملہ پوری جانفشانی سے اپنے فرائض سرانجام دے رہاہے تاکہ عوام کو صفائی ستھرائی کی بہترین سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ لہٰذاان کے خلاف کارروائی کی جانا مناسب نہ ہے۔

## لاہور: گھوڑے شاہ روڈ کی تعمیر ومرمت اور لاگت سے متعلقہ تفصیلات

***7759: چودھری اختر علی:** کیاوزیرلوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) گھوڑے شاہ روڈ لاہور کہاں سے شروع ہوتا ہے اور کہاں پر ختم ہوتا ہے؟

(ب) اس روڈ کی آخری مرتبہ مرمت اور تعمیر کب کتنی کتنی لاگت سے کی گئی تھی کس کس ٹھیکیدار نے یہ کام کئے تھے اور کن کن ملازمین نے اس کام کی چیکنگ کے بارے میں تحریری رپورٹ اعلیٰ افسران کو دی تھی ان کے نام، عہدہ، گریڈ اور رپورٹ کی کاپی فراہم کریں؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ اس وقت اس سڑک / روڈ کی حالت انتہائی خستہ ہے خاص کر شروع کے ڈیڑھ کلومیٹر کی حالت بہت زیادہ خراب ہے ٹریفک کے چلنے کے قابل نہ ہے؟

(د) اس کی مرمت / تعمیر نہ کروانے کی وجوہات کیا ہیں؟

(ہ) اس کی تعمیر / مرمت پر سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 میں کتنی رقم خرچ کی گئی تھی اور سال 22-2021 میں کتنی رقم مختص کی گئی تھی؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) گھوڑے شاہ روڈ لاہور تیزاب احاطہ چوک سے شوالہ چوک بھوگیوال روڈ تک ہے۔

(ب) گھوڑے شاہ روڈ لاہور کی عرصہ دراز سے تعمیر و مرمت نہ کی گئی ہے۔

(ج) جی ہاں! یہ درست ہے کہ شروع میں یہ سڑک خستہ حال ہے اور مرمت طلب ہے۔

(د) فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے مرمت نہ کی جا سکی جبکہ اس وقت مذکورہ سڑک کی مرمت بذریعہ پیچ ورک کام جاری ہے۔ مرمت کی تصاویر تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ) شالامار زون، میٹروپولیٹن کارپوریشن، لاہور نے مذکورہ سالوں میں اس سڑک کے لئے کوئی رقم مختص نہ کی ہے۔ تاہم اب روڈ کی مرمت کا کام شروع کیا جا چکا ہے۔

## بہاولنگر میں تعمیر کردہ اور مرمت کردہ سڑکیں، واٹر سپلائی اور نکاسی آب کے منصوبوں سے متعلقہ تفصیلات

*7788: **چودھری مظہر اقبال:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع بہاولنگر محکمہ لوکل گورنمنٹ کا مالی سال 21-2020 کا بجٹ کتنا تھا؟

(ب) اس سال میں اس ضلع میں کون کون سی سڑکیں تعمیر کی گئیں اور کون کون سی سڑکیں مرمت کی گئیں ان کی مکمل تفصیل مع نام و تخمینہ لاگت بتائیں؟

(ج) ضلع ہذا میں کون کون سی جگہ واٹر سپلائی اور نکاسی آب کے منصوبہ جات پر کام شروع کیا گیا ان منصوبہ جات کے نام، کام کی نوعیت اور اب تک موقع پر جو کام ہوا ہے اس کی تفصیل دی جائے؟

(د) کیا حکومت اس ضلع کے حلقہ پی پی۔243 تحصیل فورٹ عباس اور ہارون آباد کے گاؤں، چکوک و قصبہ جات میں جہاں زیر زمین پانی کڑوا ہے وہاں پر واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) ضلع بہاولنگر کا مالی سال 21-2020 کا کل بجٹ 1092.1166 ملین روپے ہے۔

(ب) ضلع بہاولنگر میں مالی سال 21-2020 کے دوران سڑکات کی تعمیر و مرمت سے متعلقہ تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ضلع بہاولنگر میں مالی سال 21-2020 سے اب تک کی واٹر سپلائی اور نکاسی آب کے جو منصوبہ جات شروع کئے گئے ان کی تفصیل تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) جی ہاں! آئندہ مالی سال 24-2023 میں ضلع بہاولنگر کی طرف سے تحصیل ہارون آباد اور فورٹ عباس کے گاؤں اور قصبہ جات جہاں زیر زمین کڑوا پانی ہے، فلٹریشن پلانٹ نصب کرنے کی ترقیاتی سکیمیں ADP میں شامل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

## لاہور: شالامار زون بھوگیوال، سنگھ پورہ دونوں اطراف انکروچمنٹ سے متعلقہ تفصیلات

*7795: **محترمہ کنول پرویز چودھری:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ شہر لاہور کے علاقہ شالامار زون بھوگیوال روڈ سنگھ پورہ تا علم فاطمہ مسجد تک دونوں اطراف انکروچمنٹ جاری ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بالا انکروچمنٹ کی وجہ سے مذکورہ بالا روڈ پر ہر وقت بد ترین ٹریفک جام رہتی ہے ؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ کے افسران اوراہلکاران کی ملی بھگت سے مذکورہ بالا انکروچمنٹ کی گئی ہیں؟

(د) اگر جواب اثبات میں ہیں تو محکمہ نے مذکورہ بالا مسئلہ کے تدراک اور حل کے لئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں اور انکروچمنٹ کے خاتمہ کے لئے کیا پالیسی بنائی ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) بھوگیوال روڈ سنگھ پورہ تا علم فاطمہ مسجد تک فٹ پاتھ پر عارضی تجاوزات قائم ہوتی ہیں۔ان تجاوزات کے خلاف عملہ ریگولیشن شالامار زون کارروائی کرتا ہے اور تجاوز کنندگان کا سامان قبضہ میں لے کر داخل تہہ بازاری سٹور کر دیا جاتا ہے۔

(ب) بھوگیوال روڈ ایک مصروف روڈ ہے جو کہ جی ٹی روڈ کو رنگ روڈ سے ملاتا ہے۔چونکہ جی ٹی روڈ پر سنگھ پورہ سبزی و فروٹ منڈی بھی واقع ہے اور مذکورہ منڈی میں جو سبزیاں وغیرہ آتی ہیں اُس کے لئے بھوگیوال روڈ کو استعمال کیا جاتا ہے اور یہاں پر ہیوی ٹریفک کا گزر رہتا ہے جس کی وجہ سے اکثر و بیشتر بھوگیوال روڈ پر ٹریفک جام رہتی ہے۔

(ج) ایسی کوئی شکایت موصول نہ ہوئی ہے۔شکایت موصولی کی صورت میں فوری کارروائی کی جائے گی۔

(د) عملہ شالامار زون اکثر و بیشتر مذکورہ بالا روڈ (بھوگیوال روڈ) پر تجاوز کنندگان کے خلاف کارروائی کر تا رہتا ہے ۔شالامار زون کی جانب سے تجاوز کنندگان کو مبلغ -/28500روپے جرمانہ کیا جاچکا ہے ۔ بھوگیوال روڈ پر حالیہ کئے جانے والے انسداد تجاوزات آپریشن کے جرمانہ کی تفصیل تتمہ (الف)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## لاہور: بھوگیوال چوک تا شیلر چوک سڑک کی تعمیر و مرمت سے متعلقہ تفصیلات

***7796: محترمہ کنول پرویز چودھری:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ شہر لاہور کے علاقہ شالامار زون میں بھوگیوال روڈ (بھوگیوال چوک تک شیلر چوک) انتہائی ٹوٹ پھوٹ اور بدحالی کا شکار ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بالا روڈ کو روزانہ کی بنیاد پر بزرگ مرد و خواتین، طلباء و طالبات آنے جانے کے لئے استعمال کرتے ہیں؟

(ج) اگر جواب اثبات میں ہیں تو کیا محکمہ مذکورہ بالا سڑک کی تعمیر کا کوئی ارادہ رکھتا ہے، اگر ہاں تو کب تک؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) جی ہاں! یہ درست ہے کہ مذکورہ روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔

(ب) جی ہاں! یہ بھی درست ہے کہ اس روڈ کو روزانہ ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگ استعمال کرتے ہیں۔

(ج) اس سڑک کا 1 کروڑ 70 لاکھ کا ٹینڈر ایگزیکٹو انجینئر لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ سے جاری کیا جا چکا ہے ٹینڈر کی کاپی تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے اور سڑک کی تعمیر کا کام شروع کیا جا چکا ہے سڑک کی تعمیر کی تصاویر تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## خانیوال محکمہ لوکل گورنمنٹ کا عوامی فلاحی منصوبوں پر اخراجات سے متعلقہ تفصیلات

***7859: سید خاور علی شاہ:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ لوکل گورنمنٹ ضلع خانیوال کا مالی سال 21-2020 کا بجٹ مد وار کتنا تھا؟

(ب) اس مالی سال کے دوران کتنا بجٹ ضلع ہذا کو مدوار ملا؟

(ج) اس ضلع میں اس مالی سال کے دوران کتنی رقم کن کن عوامی فلاح / ترقیاتی کاموں کے منصوبہ جات پر خرچ ہوئی؟

(د) ان سالوں کے دوران کتنی رقم اس ضلع میں سرکاری گاڑیوں کی مرمت اور پٹرول وغیرہ پر خرچ کی گئی؟

(ہ) کتنی رقم سرکاری ملازمین کی رہائش گاہوں اور دفاتر کی تزئین وآرائش پر خرچ ہوئی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ دی جائے؟

(و) کتنی رقم سے سرکاری دفاتر کے لئے سامان کون کون سا خرید کیا گیا خرید کس اتھارٹی کی اجازت سے کی گئی کیا حکومت اس ضلع کے اس مالی سال کے بجٹ کے خرچ کی تحقیقات کے لئے کوئی غیر جانب دار انکوائری کمیٹی بنا کر کروانے کا ارادہ رکھتی ہے نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) میونسپل کمیٹی خانیوال کا مالی سال 21-2020 کا بجٹ بمعہ ترقیاتی اخراجات -/1097086101 روپے ہے۔ جس میں 56 کروڑ ایک لاکھ چالیس ہزار روپے بطور ٹائیڈ گرانٹ شامل ہیں جو کہ ورلڈ بنک کی جانب سے میونسپل کمیٹی خانیوال کو ملی۔ ڈسٹرکٹ کونسل خانیوال کے مالی سال 21-2020 کے بجٹ کی تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) میونسپل کمیٹی خانیوال کو مالی سال 21-2020 میں گورنمنٹ گرانٹس و اون سورس ریونیو کی مد میں -/893888883 روپے آمدن ہوئی جس میں 565 کروڑ ایک لاکھ چالیس ہزار روپے بطور ٹائیڈ گرانٹ شامل ہیں۔

ڈسٹرکٹ کونسل خانیوال کے مالی سال 21-2020 کے مدوار بجٹ کی تفصیل تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) میونسپل کمیٹی خانیوال نے سال 21-2020 کے دوران ترقیاتی اخراجات کی مد میں -/132473515 روپے خرچ کئے ہیں۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

1۔ -/108712225 روپے پی سی پی (ٹائیڈ گرانٹ) کی مد میں خرچ ہوئے۔

2۔ -/14350218 روپے پی ایم ایس پی (ٹائیڈ گرانٹ) کی مد میں خرچ ہوئے۔

3۔ -/9411072 روپے سابقہ جاری شدہ سکیمز کی مد میں خرچ کئے گئے۔

ڈسٹرکٹ کونسل خانیوال کے مالی سال 21-2020 کی جو رقم ترقیاتی کاموں اور منصوبہ جات پر خرچ ہوئی ان کی تفصیل تتمہ (ج) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) میونسپل کمیٹی خانیوال نے سال 21-2020 کے دوران سرکاری گاڑیوں و پٹرول کی مد میں -/28868398 روپے خرچ کئے ہیں۔

ڈسٹرکٹ کونسل خانیوال کے مالی سال 21-2020 کی کل رقم -/302530 سرکاری گاڑیوں کی مرمت اور پٹرول وغیرہ پر خرچ ہوئی۔

(ہ) میونسپل کمیٹی خانیوال نے سال 21-2020 کے بجٹ کے دوران دفتر کی تزئین و آرائش پر -/110000 روپے خرچ کئے ہیں۔ جبکہ سرکاری ملازمین کو الاٹ شدہ رہائشگاہوں پر -/84102 روپے خرچ کئے گئے ہیں۔

ڈسٹرکٹ کونسل خانیوال کے مالی سال 21-2020 میں -/20360 روپے کی رقم ملازمین کی رہائش گاہوں اور دفاتر کی تزئین و آرائش پر خرچ کی گئی۔

(و) Austerlty Measures (سرکاری اخراجات میں سادگی کے قانون) کے تحت دفتر میونسپل کمیٹی خانیوال میں کسی قسم کا آرائشی سامان نہ خریدا گیا ہے جبکہ مختلف آڈٹ آٹیمز گذشتہ 18 ماہ کے دوران میونسپل کمیٹی خانیوال کا حسب ضابطہ آڈٹ کر چکی ہیں۔ ڈسٹرکٹ کونسل خانیوال کے مالی سال 21-2020 میں مشینری کی خریداری کے لئے -/6914051 روپے کی رقم خرچ کی گئی جو کہ ایڈمنسٹریٹر کی منظوری کے بعد خرچ کی گئی۔ حکومت آڈٹ کے ذریعے اخراجات وغیرہ کی سالانہ جانچ پڑتال کرتی رہتی ہے۔

## راجن پور پی پی۔293 میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت سے متعلقہ تفصیلات

***7902: محترمہ شازیہ عابد:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پی پی۔293 ضلع راجن پور میں کون کون سی سڑکیں محکمہ لوکل گورنمنٹ کی ہیں؟

(ب) ان سڑکوں میں سے کس کس کی مرمت / تعمیر جاری ہے؟

(ج) کون کون سی سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں ان کے نام اور لمبائی بتائیں؟

(د) ان سڑکوں کی مرمت / تعمیر کے لئے کتنی رقم درکار ہے اور ان کے لئے کب تک حکومت فنڈز فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ہ) ان سڑکوں کی دیکھ بھال کے لئے کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں اور کتنے ملازمین کی مزید ضرورت ہے؟

(و) کیا حکومت اس پسماندہ حلقہ کی سڑکوں کو پختہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) حلقہ پی پی۔293 ضلع راجن پور میں سڑکات محکمہ لوکل گورنمنٹ کی ہیں جن کی تفصیل تتمہ (الف) تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) حلقہ پی پی۔293 ضلع راجن پور میں سڑکات کی تعمیر و مرمت کا کام جاری ہے جن کی تفصیل تتمہ (ب) تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) حلقہ پی پی 293 ضلع راجن پور میں جو سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، ان کے نام اور لمبائی کی تفصیل تتمہ (ج) تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) ان سڑکات کی تعمیر و مرمت کے لئے مبلغ 112.123 ملین رقم درکار ہو گی۔ فنڈز ڈسٹرکٹ کونسل راجن پور میں موجود ہیں اور ان سڑکات کا کام مکمل کرنے کے لئے جیسے ہی ٹینڈر جاری کیا جائے گا تو مذکورہ سڑکات کا کام شروع کروا دیا جائے گا۔

(ہ) ان سڑکات کی دیکھ بھال کے لئے کوئی بھی ملازم کام نہ کر رہے ہیں اور نہ ہی کبھی ضرورت پیش آئی ہے۔

(و) جز(ج)میں بیان کردہ 8 سڑکات کی تعمیر و مرمت کرنے کے لئے ٹینڈر پراسس جاری ہے جلد ہی تعمیر و مرمت کر دی جائے گی۔

## جام پور میونسپل کمیٹی میں صفائی کے عملہ کی تعداد، مشینری اور مختص کردہ رقم سے متعلقہ تفصیلات

*7903: **محترمہ شازیہ عابد:** کیاوزیرلوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) میونسپل کمیٹی جام پور پی پی۔293 ضلع راجن پور کے تحت کچرا، کوڑا کرکٹ اور صفائی کے لئے کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں مکمل تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ب) مالی سال 19-2018اور20-2019 میں میونسپل کمیٹی جام پور نے کتنی رقم صفائی پر خرچ کی ہے مکمل تفصیل بتائیں؟

(ج) مذکورہ میونسپل کمیٹی کے پاس کون کون سی مشینری کوڑا کرکٹ اٹھانے کے لئے ہے یہ کب خرید کی گئی ہیں؟

(د) میونسپل کمیٹی کو مزید کتنے ملازمین اور کون کون سی مشینری درکار ہے یہ کب فراہم کی جائیں گی ۔ مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں نیز کتنے ملازمین مستقل اور عارضی کب سے ہیں؟

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید):**

(الف) میونسپل کمیٹی جام پور میں شعبہ صفائی میں تعدادی 128 سینٹری ورکر تعینات ہیں۔

(ب) میونسپل کمیٹی جام پور میں سال 19-2018 میں مبلغ -/1,30,00000 روپے اور سال20-2019 میں مبلغ -/1,50,00000 روپے کے اخراجات جس میں POL مرمت مشینری اور بل بجلی وغرہ شامل ہیں۔

(ج) میونسپل کمیٹی جام پور کے پاس شعبہ صفائی میں 6 عدد ٹریکٹر معہ ٹرالی 6 عدد لوڈر رکشہ ہائے اور 2 عدد جیٹر مشین اور 2 عدد سکر مشین موجود ہیں اور یہ مشینری سال 2008 اور 2019 میں خرید کیں گئیں تھیں۔

(د) میونسپل کمیٹی جام پور کو فی الحال کسی بھی مشینری از قسم کی وہیکل ٹریکٹر وغیرہ درکار نہ ہے۔ البتہ تین ڈسپوزل سٹیشن پر موجود مشینری اپنی مدت پوری کر چکی ہے۔ جس کی وجہ سے خرابی کی صورت میں عملہ اور عوام کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ سینٹری ورکرز جو کہ ریگولر ہیں کی تعداد 128 ہے جبکہ کوئی ملازم عارضی نہ ہے ان ملازمین کی مدت سروس تقریباً 20 سے 25 سال ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آج Private Member's Day تھا اور Government کا کوئی Business نہیں تھا۔ وقفہ سوالات بھی پورا ہو گیا ہے اور اب اجلاس کا وقت بھی ختم ہو گیا ہے۔ لہٰذا اب اجلاس کل بروز بدھ مورخہ 11۔ جنوری 2023 کو سہ پہر 3:00 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

---